باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC Certified مسلسل 23 سال سے قوم کی نمائندگی APNA Member
کراچی، لاہور، راولپنڈی / اسلام آباد، پشاور، کوئٹہ، ملتان کی منفرد خبریں شائع کرنیوالا قومی اخبار
Daily QAUM KI AWAZ karachi
روزنامہ قوم کی آواز کراچی
چیف ایڈیٹر: فراست شاہ
ایگزیکٹیو ایڈیٹر: نصرت حارث
ایڈیٹر: ملک نواز بھٹی
مینجنگ ایڈیٹر: عدنان ملک
جلد:24 | بدھ 09 جمادی الاوّل 1448ھ 21 اکتوبر 2026ء | شمارہ:218

https://www.facebook.com/dailyvoiceofnation

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا!
''والدین تمہاری جنت بھی ہیں (اگر ان کے ساتھ حسن سلوک کرو) اور تمہاری دوزخ بھی (اگر ان کی نافرمانی کرو)۔''

تکبر کرنے والے
اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے
اور امر حا اور آ نکھ والا برابر نہیں۔ اور نہ ایمان لانے والے نیکوکار اور نہ بدکار برابر ہیں (حقیقت یہ ہے کہ) تم بہت کم غور کرتے ہو O قیامت تو آنے والی ہے اس میں کچھ شک نہیں لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں رکھتے O اور تمہارے پروردگار نے کہا ہے کہ تم مجھ سے دعا کرو میں تمہاری (دعا) قبول کروں گا۔ جو لوگ میری عبادت سے از راہ تکبر کتراتے ہیں۔ عنقریب جہنم میں ذلیل ہو کر داخل ہوں گے O۔ (سورۃ مومن 40۔۔۔ ترجمہ آیت (58,60)

حضرت علیؓ
''جب تم دنیا کی مفلسی سے تنگ آ جاؤ
اور رزق کا کوئی رستہ نہ نکلے
تو صدقہ دے کر اللہ سے تجارت کرو''۔



سینیٹ سابق ارکان پارلیمنٹ کیلئے تاحیات سرکاری پاسپورٹ بل منظور

بل سینیٹر عبدالقادر نے پیش کیا، پاسپورٹس ایکٹ 1974 میں ترمیم کا مقصد سابق ارکان پارلیمنٹ کو دیگر اعلیٰ عہدوں پر فائز سرکاری حکام کے مساوی مراعات دینا ہے

سابق سیکرٹریز کے بچوں سے بلیو پاسپورٹ سہولت واپس لینے کیلئے نیا بل لایا جارہا، طلال ارکان کی تنخواہوں، مراعات کا بل واپس، دیگر 9 بل قائمہ کمیٹیوں کے سپرد

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) سینیٹ نے پاسپورٹس ایکٹ 1974 میں ترمیم کرتے ہوئے سابق ارکان پارلیمنٹ کیلئے تاحیات سرکاری پاسپورٹ، بل منظور کرلیا جس کے تحت اراکین قومی اسمبلی اور سینیٹ عہدہ ختم ہونے کے بعد بھی سرکاری (بلیو) پاسپورٹ رکھنے اور استعمال کرنے کے مجاز ہوں گے جبکہ اراکین پارلیمنٹ کی تنخواہوں و مراعات کا ترمیمی بل واپس لے لیا گیا، سینیٹر محمد عبدالقادر کی جانب سے پیش کیے گئے پاسپورٹس ترمیمی ایکٹ 2026 کے مطابق اس سے قبل پاسپورٹس ایکٹ 1974 میں ایسی کوئی واضح شق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

اہم خبر



ڈی جی خان ایئرپورٹ کی توسیع کا منصوبہ جلد مکمل ہوگا، اویس خان لغاری

جنوری 2028 تک مکمل کرکے بین الاقوامی پروازوں کی سہولیات فراہم کردینگے

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) وفاقی وزیر برائے توانائی (پاور ڈویژن) سردار اویس احمد خان لغاری نے پیر کے روز کہا کہ ڈیرہ غازی خان ایئرپورٹ کی توسیع کا 5.5 ارب روپے کا منصوبہ، جس کا مقصد بین الاقوامی پروازوں کی سہولت فراہم کرنا ہے، جنوری 2028 تک مکمل کر لیا جائے گا۔ ڈی جی خان ایئرپورٹ کی توسیع کے منصوبے کے معائنے کے دوران وفاقی وزیر نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

سندھ پرائیویٹ سیکیورٹی ایکٹ 2026 میں ترامیم کی تیاری

گارڈز کی تربیت اور عمر کی حد پر غور، وزیر داخلہ ضیاء الحسن لنجار کی زیر صدارت اجلاس

کراچی (این این آئی) وزیر داخلہ سندھ ضیاء الحسن لنجار کی زیر صدارت سندھ پرائیویٹ سیکیورٹی ایکٹ 2026ء میں مجوزہ ترامیم سے متعلق اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا، جس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

ڈی کام اور ڈپلومہ ان بزنس ایڈمنسٹریشن میں داخلوں کے لیے رجسٹریشن شیڈول جاری

کراچی (این این آئی) سندھ بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن نے تعلیمی سیشن 2027-2026ء کے لیے ڈپلومہ اِن کامرس (ڈی کام) اور ڈپلومہ اِن بزنس ایڈمنسٹریشن کے طلبہ کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

عالمی سفارت کاری میں نوجوانوں کا کردار اہم ہے، پاکستان کو معاشی صلاحیتوں سے فائدہ اٹھانا ہوگا، مسعود خان

کراچی (این این آئی) پاکستان کے ممتاز سابق سفارت کار اور سینئر فارن پالیسی اینڈ سیکیورٹی اسٹریٹجسٹ مسعود خان نے کہا ہے کہ بدلتے عالمی حالات میں سفارت کاری کا دائرہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

وزیر اعلیٰ سندھ کی کابینہ کو دورہ چین پر بریفنگ

سرمایہ کاری کے 34 معاہدے اور مفاہمتی یادداشتیں

کراچی (بزنس رپورٹر) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے صوبائی کابینہ کو اپنے حالیہ دورہ چین کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ دورے کے دوران سرمایہ کاری، تجارت، ٹیکنالوجی، توانائی، زراعت اور شہری انتظام کے شعبوں میں تعاون بڑھانے کے لیے اہم پیش رفت ہوئی ہے۔ شگفتائی میں سندھ سرمایہ کاری و تجارتی کانفرنس کے دوران حکومت سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

فیلڈ مارشل عاصم منیر سے نئے سعودی سفیر کی ملاقات دفاعی معاہدے کے فریم ورک کے تحت پیشرفت پر مکمل اطمینان

مذاکرات ناکامی پر مکہ الائنس کا ڈیٹرنس حرکت میں آئیگا، فوجی ترجمان

سعودیہ میں مقدس مقامات پر حملوں پر پاکستان میں شدید غم وغصہ، مشرق وسطیٰ تنازعے کو مزید پھیلانا کسی کے مفاد میں نہیں، مذاکرات کا کسی نتیجے پر پہنچنا ناگزیر

اتحاد کسی ملک کے خلاف نہیں، حرمین شریفین کے تحفظ پر سمجھوتہ ناممکن، مسلمانوں کو باہمی لڑائی کے بجائے متحد ہونا چاہیے، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف کا انٹرویو

راولپنڈی (خبر ایجنسیاں) ترجمان پاک فوج لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ مذاکراتی حل میں ناکامی اور فوجی تصادم کی صورت میں مکہ الائنس کا اجتماعی ڈیٹرنس یقیناً حرکت میں آئے گا، انڈیپنڈنٹ عربیہ کو خصوصی انٹرویو دیتے ہوئے ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ سعودی عرب کی خودمختاری، علاقائی سلامتی بالخصوص حرمین شریفین کا تحفظ پاکستان کی اولین ترجیح ہے، حرمین شریفین کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوسکتا، ہمارا موقف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)



راولپنڈی: فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے نئے سعودی سفیر ملاقات کررہے ہیں

سندھ ہائیکورٹ کی فلم ''گھوسٹ اسکول'' کی نمائش کی مشروط اجازت

سنسر بورڈ 10 روز میں سرٹیفکیشن پر دوبارہ غور کرے، دیگر صوبوں سے مختلف فیصلے کی معقول قانونی وجوہات پیش نہیں کی گئیں، عدالت عالیہ

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ نے فلم ''گھوسٹ اسکول'' کی عوامی نمائش کی مشروط اجازت دیتے ہوئے سندھ سنسر بورڈ کو ہدایت کی ہے کہ فلم سازوں کی جانب سے متنازع (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

کراچی میں فائرنگ کے دو واقعات، خاتون سمیت 2 افراد زخمی

گلستان جوہر میں 17 سالہ نوجوان، گلشن اقبال میں گھر کے اندر فائرنگ سے 40 سالہ خاتون زخمی

کراچی (این این آئی) شہر کے مختلف علاقوں میں فائرنگ کے دو واقعات میں خاتون سمیت 2 افراد زخمی ہوگئے، جنہیں طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کردیا گیا۔ چھپا حکام کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

ملیر جیل میں 17 سالہ قیدی کی خودکشی کی کوشش، کانچ نگل لیا

طبیعت بگڑنے پر جناح اسپتال منتقل، حالت خطرے سے باہر ہونے پر دوبارہ جیل منتقل کردیا گیا

کراچی (این این آئی) ملیر جیل میں قید 17 سالہ نوجوان نے پریشانی اور مایوسی کے باعث عطر کی شیشی کا کانچ نگل کر خودکشی کی کوشش کی، جسے طبیعت خراب ہونے پر جناح اسپتال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

جامشورو میں 17 سالہ مہک ملاح کی پراسرار موت، دو افراد کیخلاف قتل کا مقدمہ درج

کوٹری (این این آئی) جامشورو میں انڈس ہائی وے سے 17 سالہ مہک ملاح کی لاش ملنے کے معاملے میں پولیس نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

الزائمر اور انسولین کی مزاحمت میں تعلق، ٹائپ تھری ذیابیطس کی اصطلاح زیر بحث

کراچی (این این آئی) ذیابیطس ایک ایسی بیماری ہے جس میں خون میں شکر کی سطح بڑھ جاتی ہے۔ جسم میں انسولین کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

جیکب آباد: نذر آتش کیے گئے 120 گھروں کے متاثرین کے لیے امداد منظور

جیکب آباد (این این آئی) سندھ حکومت نے جیکب آباد کی تحصیل ٹھل کے گاؤں محمد صدیق آرائیں میں پسند کی شادی کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

روہنگیا کی واپسی کیلئے حج کوٹہ مطالبہ پر ارکان اسمبلی کا مثبت ردعمل

وفاقی وزیر مذہبی امور کا اسلام آباد چیمبر کا دورہ، صدر محمد زکریا اکبر ضیاء نے وفاقی وزیر کو چیمبر کے آئندہ اقدامات سے آگاہ کیا

رکن قومی اسمبلی بابر نواز خان اور بریگیڈیئر (ر) شہزاد اعوان بھی وزیر کے ہمراہ تھے، محمد اشفاق چٹھہ اور وقاص خان کا اظہار تشکر

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی آئی) نے اسلام آباد کی کاروباری برادری کو فریضہ حج کی ادائیگی میں سہولت فراہم کرنے کے لیے چیمبر کے ذریعے 100 عازمینِ حج کا کوٹہ مختص کرنے کی تجویز پیش کی ہے۔ وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف نے اس تجویز پر مثبت ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے اشارہ دیا کہ اسے آئندہ حج سے نافذ کیا جاسکتا ہے۔ یہ تجویز انہوں نے منگل کے روز آئی سی سی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)



اسلام آباد وفاقی وزیر برائے مذہبی امور سردار محمد یوسف اور اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری آئی سی سی آئی) کے صدر محمد زکریا اکبر ضیا چیمبر کے دورے کے موقع پر تبادلہ خیالات کررہے ہیں۔ اس موقع پر رکن قومی اسمبلی بابر نواز خان بریگیڈیئر (ر) شہزاد اعوان آئی سی سی آئی کے سینئر نائب صدر محمد اشفاق حسین چٹھہ، نائب صدر محمد وقاص خان اور ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین ملک راشد طفیل حبیب الحق اسرار مشوانی اور مظہر حسین بھی موجود ہیں۔

موبائل فون کو جاسوسی سافٹ ویئر سے محفوظ رکھنے کے پانچ مؤثر طریقے

فون کا نظام جدید رکھیں، مشکوک روابط اور غیر معتبر ایپلی کیشنز سے بچیں، سائبر حملوں کا خطرہ کم کرنے کے لیے حفاظتی تدابیر اپنانا ضروری ہے، ماہرین

کراچی (این این آئی) موبائل فون میں جاسوسی سافٹ ویئر کے ذریعے ذاتی معلومات، پیغامات اور بینک اکاؤنٹس کی تفصیلات تک رسائی حاصل کی جاسکتی ہے۔ سائبر حملہ آور بعض اوقات صارف کی جانب سے کسی مشکوک رابطے پر کلک کیے بغیر بھی فون کو نشانہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

ملک میں سردیوں کی آمد کب ہوگی؟ شدید سردی کا دورانیہ 50 روز تک محدود ہونے کا انکشاف

موسمیاتی تبدیلیوں سے سردی کی شدت اور دورانیہ متاثر، کراچی میں گرمی مزید 8 سے 9 روز برقرار رہنے کا امکان ہے، ماہرین

کراچی (این این آئی) ملک کے مختلف علاقوں میں سردیوں کی آمد کے اوقات میں تبدیلی اور شدید سردی کے دورانیے میں کمی کے رجحانات سامنے آئے ہیں۔ ماہرین کے مطابق عالمی حدت، گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج اور فضائی گردش کے نظام میں تبدیلیوں کے باعث (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

فوتگی کوٹے پر ملازمتوں کا اختیار بلدیاتی کونسلوں کو دیا جائے، ورکرز فیڈریشن

سپریم کورٹ کے حکم کے باوجود مرحوم ملازمین کے بچوں اور بیواؤں کے کیسز التوا کا شکار ہیں، رسول بخش شاہانی اور دیگر عہدیداران

کراچی (این این آئی) آل پاکستان لوکل گورنمنٹ ورکرز فیڈریشن سندھ کے رہنماؤں نے مطالبہ کیا ہے کہ صوبے کے بلدیاتی اداروں میں فوتگی کوٹے کے تحت ملازمتیں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

چیئرمین نیب پاور سیکٹر میں ڈاکے پڑ رہے ہیں، نندنگ کے 180 ارب ضبط، دسمبر تک مقدمات

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) چیئرمین نیب لیفٹیننٹ جنرل (ر) ٹائرڈ نذیر احمد بٹ نے انکشاف کیا ہے کہ قومی احتساب بیورو نے رواں سال جنوری سے ستمبر تک 9 ہزار 171 ارب روپے سے زائد کے اثاثے ریکور کیے، ریلوے کی 6 ٹریلین روپے کی بازیاب اراضی نیلام کرلی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)



کائٹ لمیٹڈ کے تحت کورنگی صنعتی علاقے میں ترقیاتی منصوبے کی افتتاحی تقریب میں میئر کراچی مرتضیٰ وہاب، شیخ عمر ریحان، زبیر چھایا، زاہد سعید، سینیٹر عبدالحسیب خان، سلیم الزماں، سید فرخ مظہر، احتشام الدین، شیخ فضل جلیل موجود ہیں

صنعتی زونز کے ترقیاتی فنڈز میں آئندہ بجٹ میں مزید اضافہ کرینگے، مرتضیٰ وہاب

22 محکموں کے این او سیز کے نام پر صنعتکاروں کو ہراساں کرنا بند کیا جائے، صدر کاٹی شیخ عمر ریحان

بی آر ٹی کا حل نکالا جائے، مہران ٹاؤن کو ماڈل ایس ایم ای زون بنایا جائے، زبیر چھایا، زاہد سعید، سلیم الزماں، مسعود نقی، سینیٹر عبدالحسیب خان

کراچی (بزنس رپورٹر) میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے کہا ہے کہ کورنگی انڈسٹریل ایریا میں انفراسٹرکچر کی بہتری کراچی کی صنعتی ترقی، معاشی استحکام اور کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کے لیے نہایت اہم ہے۔ صنعتی علاقوں میں معیاری سڑکوں، بہتر نکاسی آب اور جدید (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

محمد یوسف کا بورڈ آف ریونیو کراچی میں بطور پبلک ریلیشنز آفیسر چارج

بورڈ آف ڈائریکٹوریٹ آف انوائرمنٹ میں ڈائریکٹر اینڈ سیکریٹری ایڈمنسٹریٹر کے طور پر تعینات

ڈی جی پی آر، محکمہ اطلاعات کے اضافی چارج کی تقرری بھی کی گئی ہے، تجربہ کار افسر جانے جاتے ہیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر): چارج محمد یوسف کا بورڈ آف ریونیو جنرل اطلاعات سندھ (بی ایس-20) کا سینئر ممبر، جنرل ایڈمنسٹریشن اینڈ کوآرڈینیشن کے مطابق محمد یوسف حکومت سندھ کے محکمہ اطلاعات کے پبلک ریلیشنز (ڈی جی پی آر)، محکمہ اطلاعات اضافی چارج تقرری کردیا گیا ہے۔ محکمہ کو آرڈینیشن کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق وہ اپنی موجودہ ذمہ داریاں برقرار رکھتے ہوئے بطور ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز کی اضافی ذمہ داریاں بھی انجام دیں گے۔ یوسف کا بورڈ آف ڈائریکٹوریٹ آف انوائرمنٹ میں ڈائریکٹر اینڈ سیکریٹری ایڈمنسٹریٹر کے طور پر تعینات ہیں۔

دسمبر میں سندھ ہارس اینڈ کیٹل شو، کھیلوں اور ثقافتی پروگراموں کی تیاریاں شروع

ڈپٹی کمشنر جیکب آباد کے سیکریٹری کھیل اور سیکریٹری ثقافت کو خطوط، ملاکھڑے، مشاعروں اور موسیقی کے پروگراموں کی تجویز

جیکب آباد (این این آئی) جیکب آباد میں دسمبر 2026ء کے دوران (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

آمد ابرٹھاز کیلئے ایکسپورٹرز عالمی منڈیوں تک رسائی بڑھائیں

راشد لنگڑیال

ڈیجیٹل انوائسنگ صنعتوں کے مسائل کا حل، پیچیدہ ریگولیٹری تقاضوں پر نظرثانی کی جائے، ٹیکس نظام کی ڈیجیٹلائزیشن وقت کی اہم ضرورت ہے، صدر شیخ عمر ریحان

فرخ قندھاری، ناصر شیخ، زاہد سعید، سلیم الزماں، مسعود نقی، طارق ملک، احتشام الدین، راشد احمد صدیقی، نوید احمد، رشید جان محمد، عفیف راشد، زبیر بلال بھی شامل

کراچی (بزنس رپورٹر) کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (کائٹی) کے صدر شیخ عمر ریحان کی قیادت میں وفد نے چیئرمین فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) راشد محمود لنگڑیال سے ملاقات کی۔ ملاقات میں برآمدات کے فروغ، ٹیکس نظام کی ڈیجیٹلائزیشن، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

سعودی عرب کی سہولیات دیکھ کر دل باغ باغ ہوگیا، ڈاکٹر جاوید شاہ

کراچی (این این آئی) نیشنل کونسل فار ہومیوپیتھی کے سابق صدر ڈاکٹر جاوید شاہ نے کہا ہے کہ عمرے کی ادائیگی کے لیے سعودی عرب پہنچنے پر ہوائی اڈے کی سہولتیں، خوبصورتی اور انتظامات دیکھ کر دل باغ باغ ہوگیا۔ سعودی قیادت امت مسلمہ کے لیے اہم مقام رکھتی ہے اور پاکستان کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

جیکب آباد پولیس کی کارروائیاں، 3 ملزمان گرفتار، 8 کلو 640 گرام چرس برآمد

جیکب آباد (این این آئی) جیکب آباد پولیس نے منشیات فروشوں، سود خوروں اور غیر قانونی اسمگلنگ میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے تین ملزمان کو گرفتار کرکے مجموعی طور پر 8 کلو 640 گرام چرس برآمد کرلی، جبکہ بلوچستان آٹے کی غیر قانونی ترسیل کی کوشش (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

پاکستان کی چاول برآمدات میں ریکارڈ اضافہ

ستمبر میں 4 لاکھ 20 ہزار ٹن سے زائد چاول برآمد، باسمتی چاول کی برآمدات بھی تقریباً تین گنا بڑھ گئیں، مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں مجموعی برآمدات 10 لاکھ 75 ہزار ٹن تک پہنچ گئیں

کراچی (این این آئی) پاکستان کی چاول برآمدات میں ستمبر 2026ء کے دوران نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا، جس کے نتیجے میں برآمدات کا حجم گزشتہ سال کے اسی مہینے کے مقابلے میں تقریباً ڈھائی گنا بڑھ کر 4 لاکھ 20 ہزار 277 میٹرک ٹن ہوگیا۔ رائس ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

پاکستان کی معاشی ترقی کی شرح نظرثانی کے بعد 3.65 فیصد رہ گئی

مالی سال 2026ء کی آخری سہ ماہی میں شرح نمو صرف 2 فیصد ریکارڈ، معیشت کا حجم 126.4 کھرب روپے اور فی کس آمدن 1,896 ڈالر ہوگئی

کراچی (این این آئی) پاکستان کی معاشی ترقی کی شرح مالی سال 2026ء کے لیے نظرثانی کے بعد 3.70 فیصد سے کم کرکے 3.65 فیصد کردی گئی، جبکہ مالی سال 2025ء کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

ریٹائر ہونے والے تین فائر فائٹرز کے اعزاز میں الوداعی تقریب

فائر بریگیڈ کے لیے طویل اور مخلصانہ خدمات پر خراجِ تحسین، صحت مند اور خوشگوار زندگی کے لیے دعائیں

کراچی (این این آئی) نارتھ کراچی فائر اسٹیشن میں ریٹائر ہونے والے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

سلطان گوہر دوسال کے لیے آباد نارتھ ریجن کے چیئرمین نامزد

لیک سٹی ہولڈنگز کے چیف ایگزیکٹو تعمیراتی اور جائیداد کے شعبے میں ترقی کے لیے کردار ادا کرینگے، چیئرمین آباد

اپنی صلاحیتوں اور تجربے کو بروئے کار لاتے ہوئے ذمہ داریاں نبھاؤں گا، سلطان گوہر کا مکالمہ

کراچی (علیم نواب خان سے) ایسوسی ایشن آف بلڈرز اینڈ ڈیولپرز (آباد) کی ایگزیکٹو کمیٹی نے سلطان گوہر کو دو سال کے لیے نارتھ ریجن کا چیئرمین نامزد کردیا ہے۔ سلطان گوہر لیک سٹی ہولڈنگز کے چیف ایگزیکٹو بھی ہیں اور انہیں تعمیرات اور جائیداد کے شعبے میں وسیع تجربہ حاصل ہے۔ آباد کی جانب سے سلطان گوہر کی نامزدگی پر نیک خواہشات کا اظہار کیا گیا ہے۔ تنظیم نے امید ظاہر کی ہے کہ وہ اپنی صلاحیتوں اور تجربے کو بروئے کار لاتے ہوئے تعمیرات اور جائیداد کے شعبے کی ترقی اور فروغ میں اہم کردار ادا کریں گے۔

لیاری ٹاؤن کے 200 سے زائد کنٹریکٹ ملازمین چار ماہ سے تنخواہوں سے محروم

عدالتی حکم کے باوجود مستقل نہیں کیا گیا، بحق یونین کا وزیر بلدیات اور سیکریٹری بلدیات سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

کراچی (این این آئی) لیاری ٹاؤن کے محکمہ تعلیم اور محکمہ صحت میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

کائٹی کے صدر شیخ عمر ریحان چیئرمین ایف بی آر راشد محمود لنگڑیال کو شیلڈ پیش کررہے ہیں۔ فرخ قندھاری، ناصر شیخ، چیئرمین پی وی ایم اے نوید احمد، راشد صدیقی، رشید جان محمد، طارق ملک، عفیف راشد، زبیر بلال، واجد علی سمیت دیگر بھی موجود ہیں

کراچی: شعبہ ابلاغ عامہ جامعہ کراچی کی صدر ڈاکٹر سعدیہ محمود سابق وزیر خزانہ اسد عمر کو شیلڈ پیش کررہی ہیں

روزنامہ
قوم کی آواز
کراچی
چیف ایڈیٹر: فراست شاہ
ایگزیکٹو ایڈیٹر: نصرت حارث
منیجنگ ایڈیٹر: عدنان ملک
Reg No. 1/T/0001/642446
ایڈیٹر انچیف و پبلشر فراست شاہ نے وائس آف نیشن گروپ آف پبلیکیشن کے زیر اہتمام روزنامہ ''قوم کی آواز'' کراچی سٹی پریس سے چھپوا کر B/11 بلاک 15 الرحمٰی ایونیو نیئر ممتاز منزل گلشن اقبال کراچی سے شائع کیا۔
GROUP OF PUBLICATION
VON
VOICE OF NATION
ایسوسی ایٹ ایڈیٹر: ایس ایم اقبال
جن قارئین کو اخبار نہ ملے یا تاخیر سے ملنے کی شکایت ہو تو براہ کرام ان نمبرز پر اطلاع کریں۔
021 34825826-29 Fax 021 4825830 www.qaumkiawaz.pk

غربت کے خاتمے کا عالمی دن۔۔۔!

پاکستان سمیت دنیا بھر میں غربت کے خاتمے کا عالمی دن ''سب کے لئے محفوظ گھر'' کے عنوان سے منایا گیا۔ اِس موقع پر مختلف سرکاری، غیر سرکاری اور فلاحی اداروں کے زیر اہتمام منعقدہ تقریبات میں غربت کی شرح کم کرنے کے لئے کیے جانے والے اقدامات سے متعلق آگاہی فراہم کی گئی۔ عالمی سطح پر اِس کو منانے کا بنیادی مقصد دنیا بھر سے غربت اور محرومی کے خاتمے کے علاوہ انسانی حقوق اور وقار کا تحفظ کرنا ہے۔ یاد رہے کہ 17 اکتوبر 1987ء کو فرانس کے شہر پیرس میں ایک لاکھ سے زائد افراد غربت اور بھوک کے شکار لوگوں سے یکجہتی کے لئے جمع ہوئے، بعد ازاں، اقوامِ متحدہ نے 1992ء میں اِسے باقاعدہ طور پر عالمی سطح پر منانے کی منظوری دے دی تا کہ دنیا بھر میں غربت کے حوالے سے حساسیت پیدا کی جا سکے، عوامی شعور کو فروغ مل سکے، پسماندہ خاندانوں کے حقوق کا تحفظ ہو اور اُن کے بنیادی انسانی حقوق اور وقار کو بحال کیا جا سکے۔ وزیرِ منصوبہ بندی احسن اقبال نے اِس حوالے سے خصوصی پیغام جاری کرتے ہوئے کہا کہ غربت کا خاتمہ محض مالی ہدف نہیں بلکہ بنیادی انسانی حق ہے۔ اُنہوں نے زور دیا کہ تعلیم، صحت، ہنر اور معاشی مواقع کی فراہمی سے ہی روشن مستقبل کی بنیاد رکھی جا سکتی ہے جبکہ حکومت ترقی کے اِس سفر میں کسی کو بھی پیچھے نہیں چھوڑے گی۔ اِس دن کی مناسبت سے بین الاقوامی امدادی تنظیم ''ایکشن ایگینسٹ ہنگر'' نے ایک رپورٹ جاری کی جس کے مطابق پاکستان دنیا کے اُن دس ممالک میں شامل ہے جو عالمی بھوک کے بحران سے سب سے زیادہ متاثر ہیں۔ ''دنیا کے 10 بڑے غذائی بحران'' کے عنوان سے شائع ہونے والی اِس رپورٹ میں خبردار کیا گیا کہ معاشی اشاریوں میں کچھ بہتری کے باوجود 2026ء کے دوران پاکستان میں ایک کروڑ چھ لاکھ افراد کو انسانی امداد کی شدید ضرورت ہو گی۔ رپورٹ میں نشاندہی کی گئی کہ عالمی سطح پر 10 ممالک میں شدید بھوک سے متاثرہ قریباً 17 کروڑ 70 لاکھ افراد مقیم ہیں جبکہ گزشتہ ایک دہائی میں ان افراد کی تعداد دوگنا ہو چکی ہے۔ اِس وقت دنیا کے 47 ممالک میں 26 کروڑ 60 لاکھ سے زائد افراد غذائی قلت سے نبرد آزما ہیں، بھوک سے سب سے زیادہ متاثرہ ممالک میں نائیجیریا، کانگو، سوڈان، یمن، افغانستان، میانمار، بنگلہ دیش، پاکستان، جنوبی سوڈان اور شام شامل ہیں۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان میں غربت، خوراک کی بلند قیمتیں، بڑھتے اخراجات، روزگار کے محدود مواقع اور گھریلو آمدنی میں کمی عوام کی قوتِ خرید کو مسلسل متاثر کر رہی ہے جبکہ زرعی اجناس کی ناموافق قیمتوں اور معاشی عدم استحکام نے لوگوں کے ذرائع معاش کو شدید نقصان پہنچایا ہے جس کے نتیجے میں لاکھوں خاندانوں کیلئے مناسب خوراک کا حصول مشکل ہو چکا ہے۔ رپورٹ کے مطابق موسمیاتی آفات، معاشی مشکلات، نقل مکانی اور انسانی امداد کی کمی نے کمزور طبقات کو شدید غذائی عدم تحفظ سے دوچار کر دیا ہے۔ خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے چند علاقوں میں بدامنی کے باعث ذرائع معاش متاثر ہو رہے ہیں، منڈیوں تک رسائی محدود ہے اور امدادی کارروائیوں میں دشواریاں پیش آ رہی ہیں۔ اِس کے علاوہ ''گلوبل ہنگر انڈیکس'' کے مطابق پاکستان عالمی سطح پر بھوک کے لحاظ سے 122 ممالک میں سے 106 ویں نمبر پر ہے اور اِس کا سکور 25.5 ہے۔ اِن اعداد و شمار کے مطابق ملک کی 16.1 فیصد آبادی غذائی قلت کا شکار ہے اور مستقبل میں اِس شرح میں مزید اضافے کا امکان ہے۔ رپورٹ میں یہ تلخ حقیقت بھی واضح کی گئی ہے کہ پورے ایشیاء میں افغانستان کے بعد پاکستان اِس بحران سے دوچار ہونے والا دوسرا بڑا ملک ہے۔ دونوں رپورٹیں پاکستان میں بھوک کے بڑھتے ہوئے عفریت کو خطرناک حد تک پھیلا ہوا قرار دیتی ہیں۔ جہاں اِن میں تشویشناک حقائق کا انکشاف کیا گیا ہے، وہاں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ 2018ء سے قبل بھوک کا بحران اِس قدر بے قابو نہیں تھا بلکہ ایک متوازن حد کے اندر تھا تاہم 2018ء کے بعد سے صورتحال میں تیزی سے بگاڑ آنا شروع ہوا۔



شعبہ اسپورٹس کو بحال کیا جائے گا، عمران حسین جعفری

ڈائریکٹر اسپورٹس کا عہدہ سنبھالنے پر مبارک باد دینے والوں سے ملاقات میں گفتگو، عمران حسین جعفری



کراچی (اسپورٹس رپورٹر/کاشف احمد فاروقی) ڈائریکٹر اسپورٹس کا عہدہ سنبھالنے کے بعد کے ڈی اے کے سابق اور موجودہ اسپورٹس کے لورز سے اپنے دفتر میں وفد سے ملاقات کے دوران کیا اس وفد میں سابق ڈائریکٹر اسپورٹس اور افیسرز ایسوسی ایشن کے صدر خرم عارف رضوی سابق ڈائریکٹر اسپورٹس، ایاز مشی، آفیسرز ایسوسی ایشن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1) کے ڈی اے میں شعبہ اسپورٹس کو جلد بحال کیا جائے گا ان خیالات کا اظہار عمران حسین جعفری نے

آل سندھ انٹر اسکول تائیکوانڈو چیمپئن شپ: صفہ سیویئر اسکول پہلی پوزیشن پر بازی لے گیا، کامران قریشی



کراچی (اسپورٹس رپورٹر/کاشف احمد فاروقی) آل سندھ انٹر اسکول تائیکوانڈو چیمپئن شپ کے دوسرے ایڈیشن کا اختتام بھرپور جوش و خروش کے ساتھ ہوا، جس میں سندھ بھر کے اسکولوں سے تعلق رکھنے والے نوجوان کھلاڑیوں نے اپنی صلاحیتوں، نظم و ضبط اور کھیلوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

کراچی چغرزئی پر پریمیئر لیگ کا فائنل اصغر علی شاہ اسٹیڈیم میں کھیلا گیا، جس میں اجمل الیون نے قصبہ گجر الیون کو شکست دے کر چیمپئن شپ کا ٹائٹل اپنے نام کر لیا



کراچی (رپورٹ: پیر بخش نوناری) کراچی چغرزئی پریمیئر لیگ کا فائنل اصغر علی شاہ اسٹیڈیم میں کھیلا گیا، جس میں اجمل الیون نے قصبہ گجر الیون کو شکست دے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

پی ٹی اے سندھ کا اساتذہ کے جائز مسائل کے حل اور مطالبات کی منظوری کے لیے مقامی پریس کلب کے سامنے ایک احتجاجی مظاہرہ

میرپور خاص (بیورو رپورٹ) پرائمری ٹیچرز ایسوسی ایشن (PTA) سندھ کی مرکزی کابینہ کے اعلان کردہ شیڈول کے مطابق، اساتذہ کے جائز مسائل کے حل اور مطالبات کی منظوری کے لیے مقامی پریس کلب کے سامنے ایک احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ احتجاج کی قیادت پی ٹی اے میرپور خاص کے ضلعی صدر اللہ بچایو مہر نے کی۔ مظاہرے میں سینکڑوں اساتذہ نے شرکت کی، جن میں پی ٹی اے میرپور خاص ڈویژن کی سینئر نائب صدور اسماء خان اور لطیف منگریو؛ تعلقہ کوٹ غلام محمد کے رہنما مظفر سانسی، رؤف بٹ، محمد خان جکانی اور عاقب سانسی؛ تعلقہ میرپور خاص کے صدر جاوید اختر عباسی، حنیف نہڑی اور لطیف نہڑی؛ تعلقہ سندھڑی سے میاں بخش نارنجو؛ اور تعلقہ حسین بخش مری سے گنیش کمار شامل تھے۔ احتجاج کرنے والے اساتذہ نے اپنے مختلف مطالبات پر مبنی بینرز، پینا فلیکس اور پلے کارڈز اٹھا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

سید وسیم حسین، خالد تبسم، آفاق احمد خان کی وفد کے ہمراہ حیسکو چیف فیض اللہ ڈاہری سے انکے دفتر حیدر آباد میں ملاقات

میرپور خاص (بیورو رپورٹ) حق پرست رکن قومی اسمبلی ایم کیو ایم پاکستان و ممبر اسٹینڈنگ کمیٹی واٹر اینڈ پاور سید وسیم حسین۔ ایم کیو ایم میرپور خاص کے ڈسٹرکٹ انچارج خالد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)



تیز رفتار مسافر کوچ اور آلٹو کار کے درمیان خوفناک تصادم، حادثے کے نتیجے میں باپ بیٹے جاں بحق، چار افراد شدید زخمی



میرپور خاص (بیورو رپورٹ) ڈگری تھانے کی حدود مین میرواہ گورچانی روڈ پر واقع معظم پیٹرول پمپ کے سامنے ایک تیز رفتار مسافر کوچ نمبر 0007 نے آلٹو کار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

مصروف ترین کھان روڈ پر 31 مین ہولز کھلے، شہریوں کی زندگیاں خطرے میں، ٹاؤن انتظامیہ خاموش تماشائی بن گئی

میرپور خاص (بیورو رپورٹ) مصروف ترین کھان روڈ پر 31 مین ہولز کھلے، شہریوں کی زندگیاں خطرے میں، ٹاؤن انتظامیہ خاموش تماشائی بن گئی، دوماہ سے صفائی کے نام پر مین ہولز کے ڈھکن غائب، سڑک پر گندگی اور ڈھکن پڑے ہونے سے ٹریفک جام اور کاروبار متاثر، علاقہ مکینوں کا حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ تفصیلات کے مطاب میرپور خاص کے گنجان آباد علاقوں میں واقع ٹاؤن تھانے سے کھان نا کے تک تقریباً سوا کلومیٹر طویل مصروف ترین کھان روڈ پر 31 مین ہولز کے ڈھکن غائب ہونے کے باعث شہریوں کی زندگیاں خطرے میں پڑ گئی ہیں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

ٹیکس محصولات کے مشیر عدنان شیر گل کے بڑے بھائی ذیشان پر نامعلوم مسلح افراد کا قاتلانہ حملہ، تشدد کا نشانہ بنانے کے بعد ہوائی فائرنگ

کراچی (کرائم رپورٹر) ٹیکس محصولات کے مشیر عدنان شیر گل کے بڑے بھائی ذیشان پر نامعلوم مسلح افراد کا قاتلانہ حملہ، تشدد کا نشانہ بنانے کے بعد ہوائی فائرنگ کرتے ہوئے فرار، واقعے کے خلاف علاقے میں شدید خوف و ہراس پھیل گیا۔ تاہم ذیشان حملے میں محفوظ رہے۔ تفصیلات کے مطابق ٹیکس و محصولات امور کے مشیر عدنان شیر گل کے بڑے بھائی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

میرپور خاص کی عوام وزیراعظم کی ''میرا گھر، میرا آشیانہ'' اسکیم سے محروم ہونے کے خدشے سے دوچار، رجسٹری پر پابندی ختم کرنے کا مطالبہ



میرپور خاص (بیورو رپورٹ) میرپور خاص کی عوام وزیراعظم کی ''میرا گھر، میرا آشیانہ'' اسکیم سے محروم ہونے کے خدشے سے دوچار، رجسٹری پر پابندی ختم کرنے کا مطالبہ میرپور خاص وزیراعظم پاکستان کی جانب سے شروع کی گئی ''میرا گھر، میرا آشیانہ'' اسکیم بے گھر اور کم آمدنی والے افراد کے لیے اپنے گھر کا خواب پورا کرنے کی ایک امید ہے۔ اس اسکیم کے ذریعے مستحق افراد اپنے خاندان اور بچوں کے لیے ذاتی مکان حاصل کرنے کا موقع پا سکتے ہیں تاہم بدقسمتی سے میرپور خاص میں مکانات اور پلاٹوں کی رجسٹری پر عائد پابندی کے باعث شہریوں کو اس اسکیم سے فائدہ اٹھانے میں مشکلات کا سامنا ہے۔ موجودہ صورتحال کے پیش نظر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

GOLD RATE

سونا 24K-(10 گرام)	387,517
سونا 24K-(فی تولہ)	452,000
سونا 22K-(10 گرام)	355,224
سونا 22K-(فی تولہ)	414,440
چاندی-(10 گرام)	5824

نماز ٹائمنگ

فجر	05:10 am
ظہر	01:30 pm
عصر	05:45 pm
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	09:15 pm

نرخ نامہ برائے پولٹری

نام	قیمت
برائلر مرغی	398/kg
برائلر مرغی کا گوشت	635/kg
انڈے (فارم) ہول سیل	244/Dozen
انڈے (فارم) ریٹیل	260(Dozen)



ٹرینوں کی آمد و رفت

علامہ اقبال ایکسپریس	2:15	8:10
ہزارہ ایکسپریس	7:35	11:45
عوام ایکسپریس	7:00	7:16
سکھر ایکسپریس	11:10	7:10
کراچی ایکسپریس	6:00	11:45
بہاؤالدین زکریا	6:30	8:50
شالیمار ایکسپریس	6:00	11:45
پاکستان ایکسپریس	1:30	8:35
گرین لائن	10:00	1:55
تیزگام	5:30	9:55

شرح تبادلہ

کرنسی	قیمت خرید	قیمت فروخت
امریکی ڈالر	279.00	279.40
یورو	321.18	326.17
برطانوی پونڈ	371.49	375.25
امارات درہم	75.95	76.75
سعودی ریال	74.30	74.95
کویتی دینار	885.17	895.85
کینیڈین ڈالر	195.60	198.00
آسٹریلین ڈالر	176.25	178.50
عمانی ریال	724.50	733.00
جاپانی ین	1.91	1.97
ملائیشین رنگٹ	62.18	62.78
قطری دینار	76.18	76.88
بحرین دینار	740.30	748.30
ہانگ کانگ ڈالر	36.24	36.59
سنگاپور ڈالر	210	212
بھارتی روپیہ	3.12	3.21

International Roundup

ترتیب: علیم نواب خان
تصاویر: نسیم خان

ڈاکٹر عمر جبتور الداری کی قیادت میں متحدہ عرب امارات کا وفد بحرین میں خلیجی وزارتی اجلاس میں شریک

ڈاکٹر عمر جبتور الداری نے بحرین میں خلیج تعاون کونسل کے اسلامی امور و اوقاف کے وزراء اور حکام کے بارہویں اجلاس میں اماراتی وفد کی قیادت کی

شیخ محمد بن زاید آل نہیان کی ہدایات پر مصنوعی ذہانت اور ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے ذریعے اوقاف کے انتظام اور قرآنی تعلیم میں بہتری کے اقدامات پر روشنی ڈالی

ڈاکٹر عمر جبتور الداری نے اوقاف کے انتظام و سرمایہ کاری میں مصنوعی ذہانت کے کردار اور متحدہ مذہبی خطبات کے منصوبے سے متعلق اماراتی تجاویز پیش کیں



منامہ (بزنس رپورٹر) اسلامی امور، اوقاف اور زکوٰۃ کی جنرل اتھارٹی کے چیئرمین ڈاکٹر عمر جبتور الداری نے بحرین میں منعقد ہونے والے خلیج تعاون کونسل (جی سی سی) کے اسلامی امور اور اوقاف کے ذمہ دار وزراء اور حکام کے بارہویں اجلاس میں متحدہ عرب امارات کے وفد کی قیادت کی۔ پیر کے روز ہونے والے اس اجلاس میں خلیجی ممالک کے درمیان باہمی دلچسپی کے امور، مذہبی شعبے میں تعاون، اوقاف کے انتظامی نظام میں بہتری اور خطے کی مشترکہ ترقی کے لیے مختلف اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر عمر جبتور الداری نے خلیجی ممالک کے درمیان مضبوط تعلقات، یکجہتی اور باہمی تعاون کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ خلیج تعاون کونسل کے رکن ممالک نے اعتدال پسندی، رواداری اور بقائے باہمی کے فروغ کے لیے اہم کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ ان کوششوں سے معاشروں میں ہم آہنگی کو فروغ دینے، مذہبی تعلیمات کی بہتر تفہیم پیدا کرنے اور مختلف طبقات کے درمیان مثبت تعلقات مضبوط بنانے میں مدد ملتی ہے۔ انہوں نے مذہبی خطاب کو عصر حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ بنانے اور اوقاف کے انتظامی نظام کو بہتر بنانے کے لیے خلیجی ریاستوں کی کوششوں کو بھی سراہا۔ ان کے مطابق مذہبی اداروں کی مؤثر کارکردگی، ذمہ دارانہ انتظام اور جدید طریقہ کار کا استعمال معاشرتی ترقی میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ اس سلسلے میں رکن ممالک کے درمیان تجربات اور معلومات کا تبادلہ مشترکہ اہداف کے حصول کے لیے مفید ثابت ہو سکتا ہے۔ ڈاکٹر عمر جبتور الداری نے کہا کہ متحدہ عرب امارات کے صدر عزت مآب شیخ محمد بن زاید آل نہیان کی ہدایات کے تحت ملک نے مذہبی اور اوقافی شعبوں میں ڈیجیٹل ٹیکنالوجی اور مصنوعی ذہانت کے استعمال کے حوالے سے نمایاں پیش رفت کی ہے۔ ان جدید ذرائع سے اوقاف کے انتظامی امور کو بہتر بنانے، دستیاب وسائل کے مؤثر استعمال اور مذہبی خدمات کی فراہمی کو زیادہ منظم بنانے کے مواقع پیدا ہوئے ہیں۔ انہوں نے وضاحت کی کہ متحدہ عرب امارات میں ٹیکنالوجی کے استعمال کا ایک اہم مقصد اوقاف کے انتظام کو بہتر بنانا، قرآنی تعلیم کے معیار کو بلند کرنا اور جمعے کے خطبات کی تیاری اور فراہمی میں بہتری لانا ہے۔ جدید ڈیجیٹل ذرائع مذہبی اداروں کو معلومات کی تنظیم، انتظامی عمل میں سہولت اور خدمات کی مؤثر فراہمی میں مدد دے سکتے ہیں۔ مصنوعی ذہانت کا مناسب اور ذمہ دارانہ استعمال ان شعبوں میں مزید بہتری کے امکانات بھی پیدا کرتا ہے۔ اجلاس کے دوران ڈاکٹر عمر جبتور الداری نے متحدہ عرب امارات کی جانب سے دو اہم تجاویز پیش کیں۔ پہلی تجویز اوقاف کے انتظام اور سرمایہ کاری میں مصنوعی ذہانت کے کردار سے متعلق تھی۔ اس تجویز کا مقصد جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے اوقافی وسائل کے انتظام اور سرمایہ کاری کے طریقوں میں بہتری کے امکانات کو اجاگر کرنا تھا۔



شیخہ شاما بنت محمد بن خالد النہیان کی شیخ محمد بن زاید کی قیادت میں مستقبل کے تحفظ اور پائیدار ترقی کے وژن کی تعریف

ابوظہبی کے بانی شیخ زاید بن سلطان النہیان کی تعلیمات کا حوالہ، آنے والی نسلوں کے حقوق اور وسائل کے تحفظ پر زور

فوربز مڈل ایسٹ سسٹین ایبلٹی لیڈرز سمٹ 2026 میں مصنوعی ذہانت، ماحولیاتی وسائل اور طویل مدتی فیصلوں کے مستقبل پر اہم خطاب

شیخہ ڈاکٹر شاما بنت محمد بن خالد النہیان کا شرکاء کو 2071 میں پیدا ہونے والے بچوں کے مستقبل کی ذمہ داری یاد رکھنے کا پیغام

دبئی (بزنس رپورٹر) شیخ محمد بن خالد النہیان محدود نہیں ہونی چاہیے۔ انہوں نے قدیم رسی کبھی نہ چھوڑے۔ ان کے مطابق آنے والی ہو سکتا ہے۔ شیخہ شاما بنت محمد بن خالد النہیان نے آبپاشی نظام ''افلاج'' کی مثال دی، جو اپنی نسلیں ان غوطہ خوروں کی مانند ہیں جو اپنی متحدہ عرب امارات کے صدر، عزت مآب شیخ سانسیں روکے مستقبل کی جانب بڑھ رہی ہیں، تعمیر کے کئی نسلوں بعد بھی لوگوں کی ضروریات محمد بن زاید آل نہیان کی دوراندیش قیادت کو جبکہ موجودہ نسل کے ہاتھ میں وہ رسی ہے جس پوری کرتے رہے۔ شیخہ شاما نے متحدہ عرب سراہتے ہوئے کہا کہ ان کا وژن مستقبل کی کے ذریعے انہیں تحفظ فراہم کرنا ہے۔ انہوں امارات کی موتیوں کی غوطہ خوری کی تاریخی اہمیت کو تسلیم کرتا ہے اور ماضی، حال اور آنے نے خبردار کیا کہ اب یہ ذمہ داری صرف قدرتی روایت کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ غوطہ خور والی نسلوں کے درمیان تعلق قائم کرتا وسائل تک محدود نہیں رہی بلکہ مصنوعی ذہانت سمندر میں موتیوں کی تلاش کے دوران کشتی ہے۔ انہوں نے 20 سیکنڈ تک بھی پھیل چکی ہے۔ مصنوعی ذہانت آج میں موجود ایک شخص پر انحصار کرتا تھا، جسے کی خاموشی اختیار کرنے کی اپیل کی۔ انہوں کے ڈیٹا سے سیکھتی ہے اور موجودہ دور کی اقدار ''سیب'' کہا جاتا تھا۔ غوطہ خور رسی کھینچ کر اشارہ نے واضح کیا کہ یہ خاموشی ان لوگوں کے لیے کو آنے والی دہائیوں تک منتقل کر سکتی ہے۔ ان کرتا تو سیب اسے بحفاظت سطح سمندر پر نہیں جو دنیا سے رخصت ہو چکے ہیں، بلکہ ان کا کہنا تھا کہ اگر فوری منافع کو طویل مدتی نتائج واپس لانے کے لیے رسی کھینچتا تھا۔ انہوں نے کے لیے ہے جو ابھی پیدا نہیں ہوئے۔ خصوصاً پر ترجیح دی گئی تو وسائل کے بے دریغ استعمال کا کہا کہ سیب موتیوں کا مالک نہیں ہوتا تھا، لیکن اس بچے کے لیے جو 2071 میں ابوظہبی میں رجحان مستقبل کی ٹیکنالوجی میں بھی شامل اس پر ایک اہم ذمہ داری عائد ہوتی تھی کہ وہ پیدا ہوگا۔



بقیہ نمبر 1 ﴿قوم کی آواز﴾

کے سیکرٹری طاہر جاوید، کے ڈی اے آفیسرز کلب اسپورٹس کمیٹی کے رکن ایم نسیم، محمد اسامہ، عرفان انور، محمد علی، مجاہد حسین، شاہد سلیم، جاوید عالم اور دیگر بھی شامل تھے ڈائریکٹر اسپورٹس عمران حسین جعفری کا مزید کہنا تھا کہ ماضی میں جس انداز میں ادارے کا شعبہ اسپورٹس فعال تھا اور کے ڈی اے کے اسپورٹس مینوں نے جس انداز میں اپنے کھیل سے ادارے کا نام روشن کیا اور موجودہ ڈی جی زین العابدین انصاری کی بھی خواہش ہے کہ ادارے کی مالی پوزیشن بہتر ہوتے ہی کھیل کے میدانوں کو آباد کیا جائے گا اور کوشش ہوگی کہ کے ڈی اے کی ہر اسکیم میں کھیلوں کے میدانوں سے ناجائز تجاوزات کا خاتمہ کرکے ان کو کھیلنے کے قابل بنایا جاسکے اور انہی میدانوں سے ایک بار پھر جاوید میانداد سرفراز احمد معین خان راشد لطیف جیسے کھلاڑی نکل کر ملک وقوم کے ساتھ ساتھ ادارے کا نام بھی روشن کرسکے آخر میں عمران حسین جعفری نے وفد کو یقین دلایا کہ عنقریب ایک کرکٹ ایونٹ منعقد کیا جائے گا آخر میں کے ڈی اے کے اسپورٹس لورز نے ڈائریکٹر اسپورٹس کو کے ڈی اے میں اسپورٹس کی بہتری کے لیے مختلف تجاویز پیش کی جسکو عمران حسین جعفری نے غور سے سنا اور وفد کو یقین دلایا کہ اسپورٹس کی بہتری کیلئے جو بھی مثبت تجاویز ہونگی اس پر فوری عمل درآمد کیا جائے گا آخر میں ڈائریکٹر اسپورٹس کو پھولوں کا تحفہ پیش کیا گیا۔

بقیہ نمبر 2 ﴿قوم کی آواز﴾

عبسم۔ جوائنٹ ڈسٹرکٹ انچارج آفاق احمد خان پر مشتمل وفد کی حیسکو چیف فیض اللہ ڈاہری سے انکے دفتر حیدرآباد میں ملاقات۔ متحدہ وفد نے حیسکو چیف کو میرپورخاص کے مختلف علاقوں سیٹلائٹ ٹاون۔ بھانسکھاباد۔ رحیم نگر۔ حمید پورہ کالونی۔ مظفر آباد کالونی۔ میرواہ گورچانی میں نئے ٹرانسفارمرز اور نئے ٹرانسفارمرز پر ڈی فننگ کی تنصیب۔ امید بھری فیڈر سے پاک کالونی۔ نواب کالونی و دیگر شہری علاقوں کو مذکورہ فیڈر سے الگ کرنے اور ان علاقوں میں 18 گھنٹے طویل لوڈ شیڈنگ کے خاتمے۔ ڈیڈکشن بلز۔ اوور ریڈنگ سمیت بجلی صارفین کی مشکلات و مسائل سے آگاہ کیا۔ حیسکو چیف فیض اللہ ڈاہری نے متحدہ وفد کی گزارشات پر فوری احکامات صادر کئے اور یقین دلایا کہ میرپورخاص کے بجلی صارفین کو نئے ٹرانسفارمرز کی فراہمی۔ ڈی فننگ کی تنصیب فوری کی جائے گی اور دیگر مسائل جلد حل کئے جائیں گے۔ متحدہ وفد کی جانب سے نشاندہی کرنے پر حیسکو چیف نے کہا کہ صارفین نئے ٹرانسفارمرز کی تنصیب کے حوالے سے کسی شخص کو حیسکو کے نام پر پیسے نہ دیں۔

بقیہ نمبر 3 ﴿قوم کی آواز﴾

رکھے تھے۔ اساتذہ نے اپنے جائز مسائل کے فوری حل اور 'سروس اسٹرکچر' (ملازمت کے ڈھانچے) کی منظوری کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے اپنے 'چارٹر آف ڈیمانڈز' (مطالبات کے منشور) پر عمل درآمد، 2001 سے 2018 کے درمیان بھرتی ہونے والے کنٹریکٹ اساتذہ کو تقرری کی ابتدائی تاریخ سے مستقل ملازمت (ریگولرائزیشن) کے تمام فوائد دینے، اور ان کے واجب الادا انکریمنٹس (تنخواہ میں اضافے) کی ادائیگی کا مطالبہ کیا۔ مزید برآں، انہوں نے کیریئر میں ترقی کے لیے ایک واضح سروس اسٹرکچر — یعنی پی ایس ٹی (پرائمری اسکول ٹیچر) سے اے ایس ٹی (ایلیمنٹری اسکول ٹیچر) اور ہیڈ ٹیچر کے عہدوں تک رسائی — کے قیام پر زور دیا، اور گروپ انشورنس سمیت دیگر اہم مسائل اور ریٹائرڈ ملازمین کی پنشن کے معاملات حل کرنے کی درخواست کی۔ پی ٹی اے (پرائمری ٹیچرز ایسوسی ایشن) کے رہنماؤں نے کہا کہ اساتذہ تعلیم کے معیار کو بہتر بنانے اور نئی نسل کا مستقبل روشن کرنے میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں؛ لہٰذا، انہیں نظرانداز کرنے کے بجائے ان کے جائز مطالبات پر سنجیدگی سے توجہ دی جانی چاہیے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ اساتذہ کے حقوق کے حصول کے لیے ان کی پرامن اور جمہوری جدوجہد جاری رہے گی، اور اس تحریک کو مرکزی کابینہ کے اعلان کردہ پروگرام کے مطابق آگے بڑھایا جائے گا

بقیہ نمبر 4 ﴿قوم کی آواز﴾

نمبر CCZ-806 کو ٹکر ماردی۔، حادثے کے نتیجے میں کار سوار حیدرآباد کے رہائشی این آئی سی وی ڈی ٹنڈو محمد خان کے ڈاکٹر شیراز شاہ اس کی اہلیہ ڈاکٹر حسن بانو، بیٹی شارقہ اور ڈاکٹر زبیر احمد ولد محمد داؤد سومرو، دوراہگیر آصف اور والجی کولہی شدید زخمی ہوگئے۔ ڈاکٹر شیراز شاہ، آصف اور والجی کولہی کو تعلقہ ہسپتال ڈگری منتقل کر دیا گیا جہاں پر ڈاکٹر شیراز شاہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے خالق حقیقی سے جاملا۔ جبکہ ڈاکٹر حسن بانو، ان کی معصوم بیٹی شارقہ اور ڈاکٹر زبیر احمد سومرو کو ریسکیو 1122 کے ذریعے تعلقہ ہیڈ کوارٹر ہسپتال میرواہ گورچانی منتقل کر دیا گیا۔ جہاں پر ڈاکٹرز نے ابتدائی طبی امداد فراہم کی۔ معصوم بچی شارقہ کو تشویشناک حالت میں پہلے سول ہسپتال میرپورخاص بعدازاں سول ہسپتال حیدرآباد منتقل کردیا۔ جہاں پر وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے چل بسی۔ جبکہ ڈاکٹر حسن بانو اور ڈاکٹر زبیر احمد کو بھی سول ہسپتال حیدرآباد منتقل کر دیا۔ حادثے کے شکار ڈاکٹرز تعزیت کے لیے جھڈو قریب میر جان محمد گئے تھے کہ حادثے کا شکار ہوگئے جبکہ دوسری گاڑی میں سوار دیگر ڈاکٹرز اور اسٹاف معجزانہ طور پر محفوظ رہے۔ ادھر پولیس ڈرائیور جائے حادثہ سے فرار ہوگئے پولیس نے کوسٹر کو اپنی تحویل میں لے لیا۔

بقیہ نمبر 5 ﴿قوم کی آواز﴾

ذیشان گزشتہ روز اپنے گھر سے دفتر کی جانب روانہ تھے کہ راستے میں گھات لگائے نامعلوم مسلح دہشت گردوں نے انہیں زبردستی روک لیا۔ عینی شاہدین اور متاثرہ شخص کے مطابق، مسلح ملزمان نے گاڑی روکتے ہی عدنان شیر گل سے متعلق استفسار شروع کر دیا۔ ان کے جواب دینے اور لاعلمی کا اظہار کرنے پر حملہ آور اچانک طیش میں آگئے اور اشتعال میں آکر گالم گلوچ کے ساتھ تابڑ توڑ حملہ کر دیا۔ متاثرہ شخص کا کہنا ہے کہ انہوں نے ملزمان سے بارہا التجا کی کہ "مجھے اس بارے میں کچھ نہیں معلوم، تم لوگ میرا پیچھا کیوں کر رہے ہو اور میرے ساتھ یہ زیادتی کیوں کی جا رہی ہے؟" لیکن سفاک ملزمان نے ایک نہ سنی اور انہیں تشدد کا نشانہ بناتے ہوئے شدید مار پیٹ شروع کر دی، جس کے نتیجے میں وہ شدید زخمی ہو گئے۔ شور شرابے اور مزاحمت کی آوازیں سن کر قریبی اہل محلہ اور راہگیر فوری طور پر جائے وقوعہ پر جمع ہو گئے۔ شہریوں کے بروقت اکٹھے ہونے اور مداخلت پر حملہ آوروں نے حواس باختہ ہو کر شدید ہوائی فائرنگ شروع کر دی اور علاقے میں خوف و دہشت پھیلاتے ہوئے موقع سے باآسانی فرار ہو گئے۔ اہل محلہ نے فوری کارروائی کرتے ہوئے زخمی کو چھڑوایا اور طبی امداد کی فراہمی یقینی بنائی۔ خوش قسمتی سے وہ فائرنگ کی زد میں آنے سے محفوظ رہے تاہم مار پیٹ کے باعث کافی چوٹیں آئیں۔ ذرائع کے مطابق یہ پہلا واقعہ نہیں ہے؛ اس سے قبل اپریل 2025 میں بھی عدنان شیر گل اور ان کی اہلیہ (مسز) پر اسی نوعیت کا ایک قاتلانہ اور پرتشدد حملہ ہو چکا ہے، جس میں عدنان شیر گل اور ان کی اہلیہ شدید زخمی ہوئے تھے۔ اس واقعے کی باقاعدہ رپورٹ بھی متعلقہ تھانے میں درج کروائی گئی تھی۔ ابتدائی شواہد اور صورتحال کے مطابق شبہ ظاہر کیا جا رہا ہے کہ اس حالیہ کارروائی کا تانا بانا بھی انہی پرانے شرپسند عناصر سے ملتا ہے جو عدنان شیر گل اور ان کے خاندان کو نشانہ بنا رہے ہیں۔ پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو واقعے کی اطلاع دے دی گئی ہے، جنہوں نے جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کرکے ملوث نامعلوم دہشت گردوں کی تلاش اور واقعے کی مختلف پہلوؤں سے باقاعدہ تحقیقات شروع کر دی ہیں۔

بقیہ نمبر 6 ﴿قوم کی آواز﴾

علاقہ مکینوں کے مطابق صفائی کے نام پر مین ہولز سے مٹی نکالنے کے بعد ان کے سیمنٹ کے ڈھکن ایک طرف رکھ دیے گئے جبکہ گٹر گزشتہ دو ماہ سے کھلے پڑے ہیں۔ اس صورتحال پر شہریوں میں شدید غم وغصہ پایا جاتا ہے جبکہ متعلقہ ٹاؤن انتظامیہ کی کارکردگی پر بھی سوالات اٹھائے جارہے ہیں ٹاؤن میر شیر محمد کی حدود میں واقع یوسی 9 کھان روڈ شہر کی مصروف ترین سڑکوں میں شمار ہوتی ہے سڑک پر مین ہولز کھلے ہونے کے باعث کھار پاڑہ، خاصخیلی پاڑہ، بلوچ پاڑہ، نور شاہ کالونی، تھامس آباد، بکرانی محلہ، مری محلہ اور گلشن حیدر فیروز سمیت مختلف آبادیوں کے مکینوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے کھلے مین ہولز کے باعث معصوم بچوں، اسکول جانے والے طلبہ اور بزرگ شہریوں کی زندگیاں خطرے میں ہیں علاقہ مکینوں ناصر بلوچ، محمد زبیر، اسحاق قریشی اور دیگر نے شکایت کرتے ہوئے کہا کہ صبح کے اوقات میں اسکول جانے والے بچے رکشوں، موٹر سائیکلوں اور دیگر گاڑیوں کے ذریعے اس سڑک سے گزرتے ہیں ایسے میں کسی بھی وقت بڑا حادثہ پیش آسکتا ہے اور قیمتی انسانی جانیں ضائع ہونے کا خدشہ ہے انہوں نے مزید کہا کہ ٹاؤن انتظامیہ کو متعدد مرتبہ اس سنگین مسئلے سے آگاہ کیا جا چکا ہے لیکن تاحال کوئی مؤثر کارروائی نہیں کی گئی کھلے مین ہولز کے باعث گندا پانی سڑک پر جمع ہو جاتا ہے جبکہ مین ہولز سے نکالا گیا کچرا اور سڑک پر رکھے گئے بھاری ڈھکن آمد ورفت میں رکاوٹ بنتے ہیں اس صورتحال نے نہ صرف شہریوں کی روزمرہ زندگی متاثر کی ہے بلکہ علاقے کے کاروبار کو بھی شدید نقصان پہنچایا ہے علاقہ مکینوں نے نشاندہی کی کہ مذکورہ ٹاؤن کو صفائی ستھرائی کے لیے ماہانہ اے ڈیڈی شیئر کی مد میں تقریباً ڈیڑھ کروڑ روپے، جبکہ اس کی یونین کونسلز کو صفائی کے لیے ماہانہ 12،12 لاکھ روپے فراہم کیے جاتے ہیں اس کے باوجود علاقے میں صفائی ستھرائی اور نکاسی آب کی صورتحال انتہائی خراب ہے شہریوں کے مطابق کھان روڈ کے قریب دو اراکین صوبائی اسمبلی ہری رام کشوری لال اور خیر النساء مغل کی رہائش گاہیں بھی موجود ہیں اس کے باوجود اہم شاہراہ پر مین ہولز کھلے پڑے ہیں اور عوامی مسائل حل نہیں کیے جارہے علاقہ مکینوں نے متعلقہ حکام، ٹاؤن انتظامیہ اور منتخب نمائندوں سے مطالبہ کیا ہے کہ کھلے مین ہولز پر فوری طور پر مضبوط ڈھکن لگائے جائیں، سڑک سے کچرا اور رکاوٹیں ہٹائی جائیں، نکاسی آب کا نظام بہتر بنایا جائے اور صفائی ستھرائی کے لیے مختص فنڈز کے مؤثر استعمال کو یقینی بنایا جائے تاکہ شہریوں، خصوصاً اسکول جانے والے بچوں کو کسی بڑے حادثے سے محفوظ رکھا جاسکے

بقیہ نمبر 7 ﴿قوم کی آواز﴾

میرپورخاص کے عوام میں یہ خدشات پائے جاتے ہیں کہ کہیں وہ وزیراعظم کی اس اہم اسکیم کے فوائد سے محروم نہ رہ جائیں شہریوں نے اعلیٰ حکام سے اپیل کی ہے کہ میرپورخاص میں مکانات اور پلاٹوں کی رجسٹری پر عائد پابندی کے معاملے کو فوری طور پر حل کیا جائے اور رجسٹری کی بحالی کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ اگر کسی قانونی یا انتظامی رکاوٹ کے باعث پابندی ختم کرنا ممکن نہیں تو ایسا متبادل طریقہ کار وضع کیا جائے جس کے ذریعے میرپورخاص کے شہری بھی اس اسکیم سے مستفید ہوسکیں عوامی حلقوں نے وزیراعظم پاکستان، وزیراعلیٰ سندھ اور متعلقہ اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ شہریوں کے اپنے گھر کے خواب کو حقیقت میں بدلنے کے لیے فوری توجہ دی جائے تاکہ میرپورخاص کے مستحق خاندان بھی اس اسکیم کے ثمرات سے فائدہ اٹھاسکیں۔

بقیہ نمبر 8 ﴿قوم کی آواز﴾

کرچیمپئن شپ کا ٹائٹل اپنے نام کرلیا فائنل مقابلے میں دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں نے بھرپور جوش و جذبے کا مظاہرہ کیا۔ حامد، وجو پٹھان، سیف اللہ سیاب اور نبو نے نمایاں کارکردگی دکھا کر شائقین کرکٹ کی توجہ حاصل کی اس موقع پر محمد ساجد نے نوجوان کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لیے اپنی جانب سے نقد انعام دینے کا اعلان کیا انہوں نے کہا کہ کھیل نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کی طرف راغب کرنے، نظم و ضبط پیدا کرنے اور بھائی چارے کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں محمد ساجد نے چیمپئن ٹیم اجمل الیون کو مبارکباد پیش کی، جبکہ رنراپ ٹیم قصبہ گجرالیون کی کارکردگی کو بھی سراہا۔ انہوں نے چغرزئی پریمیئر لیگ کے منتظمین اور تمام کھلاڑیوں کو کامیاب ٹورنامنٹ کے انعقاد پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ مقامی سطح پر کھیلوں کے مقابلوں کا انعقاد نوجوانوں کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے اور کھیلوں کے فروغ کے لیے انتہائی اہم ہے انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ نوجوانوں کی حوصلہ افزائی اور صحت مند سرگرمیوں کے فروغ کے لیے آئندہ بھی اپنا کردار ادا کرتے رہیں گ

بقیہ نمبر 9 ﴿قوم کی آواز﴾

کے جذبے کا شاندار مظاہرہ کیا۔ چیمپئن شپ میں 50 سے زائد اسکول کیمپسز سے 1200 سے زائد طلبہ و طالبات جبکہ 100 سے زائد کوچز اور ٹیم مینیجرز نے شرکت کی۔ اس بڑے پیمانے پر شرکت نے ایونٹ کو تعلیمی اداروں میں کھیلوں کے فروغ، صحت مند مسابقت اور نوجوانوں کی کردار سازی کے حوالے سے ایک اہم سنگِ میل بنا دیا۔ چیمپئن شپ کا انعقاد ایف کے تائیکوانڈو فیملی نے سندھ تائیکوانڈو کے اشتراک سے کیا۔ ایونٹ کا بنیادی مقصد اسکولوں میں کھیلوں کی سرگرمیوں کو فروغ دینا اور نوجوان کھلاڑیوں کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے لیے معیاری مواقع فراہم کرنا تھا۔ مقابلوں کے دوران طلبہ وطالبات نے خوداعتمادی، احترام، ثابت قدمی، ٹیم ورک اور کھیل کے منصفانہ اصولوں کی پاسداری کا عملی مظاہرہ کیا۔ منتظمین کے مطابق یہ چیمپئن شپ محض تمغے اور ٹرافیاں جیتنے کا مقابلہ نہیں تھی، بلکہ اس کے ذریعے نوجوانوں کی جسمانی و ذہنی نشوونما، مثبت کردار سازی اور کھیلوں کی اخلاقیات کو اجاگر کیا گیا۔ تائیکوانڈو جیسے کھیل نوجوانوں میں نظم و ضبط، برداشت، احترام اور ذمہ داری کا احساس پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ مجموعی ٹیم پوزیشنز، چیمپئن شپ کے اختتام پر نمایاں کارکردگی دکھانے والی اسکول ٹیموں کو ان کی کامیابیوں کے اعتراف میں اعزازات سے نوازا گیا۔ مجموعی ٹیم پوزیشنز میں صفہ سیونیز بوائز اینڈ گرلز اسکول نے پہلی پوزیشن حاصل کرکے میدان مار لیا، جبکہ آئی یو اسکولنگ سسٹم دوسری اور فاطمیہ گرلز اسکول تیسری پوزیشن پر رہا۔ الیقین اسکول نے چوتھی جبکہ میری ٹوریس اسکول نے پانچویں پوزیشن حاصل کی۔ خصوصی اعزازات بھی تقسیم کیے گئے۔ خصوصی اعزازات میں شاہ ولایت اسکول کو بہترین ابھرتی ہوئی اسکول ٹیم، دی اسٹیپ اسکول ناظم آباد کیمپس کو بہترین نظم وضبط حامل ٹیم اور دی نیکسٹ اسکول کو منصفانہ کھیل کے ایوارڈ سے نوازا گیا۔ ان اعزازات کا مقصد ان اسکولوں کی حوصلہ افزائی کرنا تھا جنہوں نے کھیلوں کی بنیادی اقدار، نظم و ضبط، دیانت داری، احترام اور مثبت رویوں کو نمایاں طور پر اپنایا۔ منتظمین نے تمام کامیاب اسکولوں، شریک کھلاڑیوں، کوچز، ٹیم مینیجرز اور اسکول انتظامیہ کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کے تعاون اور محنت کو سراہا۔ چیمپئن شپ کے کامیاب انعقاد میں منتظمین، کھیلوں کے افسران، رضا کاروں اور معاون اداروں نے بھی اہم کردار ادا کیا۔ ایف کے تائیکوانڈو فیملی اور سندھ تائیکوانڈو کے درمیان اشتراک نے ثابت کیا کہ کھیلوں کی تنظیموں اور تعلیمی اداروں کا باہمی تعاون نوجوان کھلاڑیوں کو بہتر مواقع فراہم کرنے میں کلیدی اہمیت رکھتا ہے۔ منتظمین نے امید ظاہر کی کہ آئندہ ایڈیشنز میں مزید اسکول شرکت کریں گے اور تائیکوانڈو کو فروغ ملے گا، تاکہ نوجوانوں کو جسمانی طور پر فعال، ذہنی طور پر مضبوط اور معاشرتی طور پر ذمہ دار شہری بنانے میں مدد مل سکے۔ آل سندھ انٹر اسکول تائیکوانڈو چیمپئن شپ کا دوسرا ایڈیشن سندھ میں اسکولوں کے کھیلوں کے روشن مستقبل، نوجوانوں کی صلاحیتوں اور کھیلوں کے جذبے کا ایک شاندار مظہر ثابت ہوا۔

بقیہ نمبر 10 ﴿قوم کی آواز﴾

موجود نہیں بھی جوان پارلیمنٹیرینز کو سرکاری پاسپورٹ رکھنے کی اجازت دیتی جن کی رکنیت مدت پوری ہونے سے پہلے ختم ہو جاتی تھی۔ بل کے تحت سابق پارلیمنٹیرینز، خواہ انہوں نے قومی اسمبلی کی پانچ سالہ یا سینیٹ کی چھ سالہ مدت مکمل کی ہو یا نہیں، اپنے عہدے کے دوران جاری کردہ سرکاری بلیو پاسپورٹ استعمال کرنے کا حق برقرار رکھ سکیں گے۔ بل کے اغراض و مقاصد کے مطابق ترمیم کا مقصد سابق پارلیمنٹیرینز کو دیگر اعلیٰ عہدوں پر فائز سرکاری حکام کے مساوی مراعات دینا اور ریاست کی اعلیٰ سطح پر خدمات انجام دینے والوں کے لیے یکساں پالیسی قائم کرنا ہے۔ سینیٹر عبدالقادر نے بل پر بحث کرتے ہوئے کہا کہ گریڈ 21 کے سرکاری افسران کے بچوں کو بلیو پاسپورٹ دیا جاتا ہے۔ جبکہ منتخب اراکین کو بھی یہ سہولت حاصل ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ یا تو یہی اصول سینیٹرز کے لیے بھی اپنایا جائے یا پھر سرکاری ملازمین کے بچوں کے بلیو پاسپورٹس مکمل طور پر ختم کیے جائیں۔ وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے اس بات کی تائید کی کہ ریٹائرڈ بیورو کریٹس کے بچوں کو بلیو پاسپورٹ نہیں ملنے چاہئیں اور بتایا کہ وزیر داخلہ اس بات سے اتفاق کرتے ہیں کہ سینیٹر کو بھی قومی اسمبلی کے اراکین کی طرز پر آفیشل پاسپورٹ جاری کیا جانا چاہیے۔ وزیر مملکت داخلہ طلال چودھری نے ایوان کو بتایا کہ ملک میں بلیو پاسپورٹس کی بڑی تعداد دیگر ممالک کے ساتھ ویزا فری انٹری کی بات چیت پر منفی اثر ڈالتی ہے، اسی لیے حکومت نے بلیو پاسپورٹس کی تعداد کو پہلے ہی کم کیا ہے۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ اب تک 30 ہزار بلیو پاسپورٹس منسوخ کیے جاچکے ہیں جن میں سے کوئی بھی پارلیمنٹیرین شامل نہیں تھا جبکہ سابق سیکرٹریز کے بچوں سے یہ سہولت واپس لینے سے متعلق ایک نیا بل بھی لایا جارہا ہے، ایوان میں سینیٹرز نے وزارت داخلہ کی جانب سے پاسپورٹ کے حصول کے لیے مبینہ این او سی کی شرط پر تشویش اور برہمی کا اظہار کیا۔ سینیٹر عابد شیر علی اور سینیٹر ناصر بٹ نے کہا کہ اراکین پارلیمنٹ کے لیے وزارت داخلہ سے این او سی کا تقاضا ان کی تضحیک کے مترادف ہے اور ملک میں 78 ہزار کے قریب بلیو پاسپورٹس میں سے ریٹائرڈ افسران اور ان کے بچوں کے پاسپورٹ فوری منسوخ کیے جانے چاہئیں۔ وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ اور وزیر مملکت طلال نے واضح کیا کہ اراکین پارلیمنٹ کو کسی این او سی کی ضرورت نہیں ہے اور پاسپورٹ جاری کرنے سے قبل قواعد کے مطابق تصدیق کی جاتی ہے۔ سینیٹر دلاور خان نے اتنی بڑی تعداد میں غیر متعلقہ افراد کو بلیو پاسپورٹس کے اجرا کی انکوائری کروانے اور ذمہ داروں کو نشان عبرت بنانے کا مطالبہ کیا۔ علاوہ ازیں سینیٹ اجلاس میں عائلی قوانین، ماحولیاتی انصاف نجی سیکیورٹی گارڈز کے حقوق اور معاشی منصوبہ بندی سمیت مختلف شعبوں سے متعلق بل پیش کردیئے گئے

بقیہ نمبر 11 ﴿قوم کی آواز﴾

جاری کام کی پیش رفت کا جائزہ لیا اور رن وے کی توسیع کے کام کا معائنہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ ایئرپورٹ کو بین الاقوامی پروازوں کے لیے اپ گریڈ کرنے سے مقامی شہریوں کو بہتر سفری سہولیات میسر آئیں گی اور جنوبی پنجاب میں ترقی وخوشحالی کے نئے راستے کھلیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ وزیراعظم کی جانب سے ایئرپورٹ کو بین الاقوامی آپریشنز کے لیے اپ گریڈ کرنے کے اعلان کے بعد سول ایوی ایشن اتھارٹی (سی اے اے) کی ٹیمیں اس منصوبے پر کام کر رہی ہیں۔ وفاقی وزیر نے مزید بتایا کہ وزیراعظم نے ڈی جی خان کے لیے چار بڑے ترقیاتی منصوبوں کا اعلان کیا تھا، جن میں ایئرپورٹ کی توسیع، کینسر اسپتال کا قیام، طویل المدتی سیوریج منصوبہ اور سڑکوں کے نیٹ ورک کی توسیع و بحالی شامل ہیں۔ سیوریج کا منصوبہ آئندہ 50 سال تک خطے کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے تیار کیا جارہا ہے، جبکہ بہتر اور کشادہ سڑکیں آمدورفت کو مزید آسان بنائیں گی

بقیہ نمبر 12 ﴿قوم کی آواز﴾

میں نجی سیکیورٹی کمپنیوں کے لائسنس کے اجرا، سیکیورٹی گارڈز کی تربیت اور ان کی عمری حد کے تعین سمیت مختلف امور کا جائزہ لیا گیا۔ ترجمان کے مطابق اجلاس میں مجوزہ ایکٹ کے مسودے اور ترامیم سے متعلق مختلف تجاویز پر تبادلہ خیال کیا گیا، جبکہ مجوزہ تبدیلیوں کے حوالے سے سفارشات اور قابل عمل تجاویز پر مشتمل مسودے کا بھی جائزہ لیا گیا۔ سیکریٹری داخلہ سندھ اقبال میمن نے اجلاس کو مجوزہ ترامیم، متعلقہ سفارشات اور قانونی و انتظامی پہلوؤں پر تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر وزیر داخلہ ضیاء الحسن لنجار نے ہدایت کی کہ مجوزہ ترامیم میں قواعد وضوابط کی پاسداری کو ہر صورت یقینی بنایا جائے اور نجی سیکیورٹی کمپنیوں کے لائسنس کے اجرا کے لیے مقررہ شرائط پر عمل درآمد کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ سیکیورٹی گارڈز کی تربیت کے لیے جامع اور قابل عمل تجاویز مرتب کرکے پیش کی جائیں۔ گارڈز کی معیاری تربیت کے ذریعے انہیں بین الاقوامی تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا ضروری ہے، جبکہ تربیتی عمل میں پیشہ ورانہ مہارت، ذمہ داری اور جدید تقاضوں کو خصوصی اہمیت دی جانی چاہیے۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ سندھ میں نجی سیکیورٹی کے نظام کو قانون کے مطابق منظم اور مؤثر بنانا حکومت کی ترجیح ہے۔ کمپنیوں کی کارکردگی اور پیشہ ورانہ معیار بہتر بنانے کے لیے مؤثر قانونی اقدامات ضروری ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ مجوزہ ترامیم ایسی ہونی چاہئیں جو نجی سیکیورٹی کے شعبے میں بہتری لانے اور قواعد وضوابط پر عمل درآمد یقینی بنانے میں معاون ثابت ہوں۔ اس مقصد کے لیے تمام متعلقہ امور کا قانونی اور انتظامی پہلوؤں سے جائزہ لے کر قابل عمل سفارشات مرتب کی جائیں۔ اجلاس میں سیکریٹری داخلہ سندھ اقبال میمن، ایڈووکیٹ جنرل سندھ جواد ڈیرو، سیکریٹری قانون سعید احمد شیخ، ایڈیشنل سیکریٹری داخلہ، کوآرڈینیٹر ٹو وزیر داخلہ سندھ اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 13 ﴿قوم کی آواز﴾

روایتی حکومتی روابط سے آگے بڑھ کر عوامی رابطوں، ڈیجیٹل ذرائع اور عالمی سطح پر شہریوں کی فعال شرکت تک پھیل چکا ہے۔ پاکستان کے نوجوانوں کو مایوسی کے بجائے خوداعتمادی کے ساتھ ملک کے معاشی مستقبل کی ذمہ داری سنبھالنا ہوگی۔ انسٹی ٹیوٹ آف کاسٹ اینڈ مینجمنٹ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان (آئی سی ایم اے) کے زیراہتمام فکری لیکچر سیریز سے خطاب کرتے ہوئے مسعود خان نے کہا کہ دنیا میں کثیر قطبی نظام ابھر رہا ہے، جہاں معاشی طاقت کے مراکز تبدیل ہو رہے ہیں اور درمیانی درجے کی طاقتوں کا کردار بڑھ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو اپنی معاشی اور جغرافیائی سیاسی صلاحیتوں سے بھرپور فائدہ اٹھانے کے لیے اہم معاشی شعبوں کو جدید خطوط پر استوار کرنا اور ملکی سطح پر سرمایہ کاری و ترقی کے لیے سازگار ماحول پیدا کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں موبائل رابطوں اور ڈیجیٹل سرگرمیوں کے فروغ، بالخصوص آزادانہ پیشہ ورانہ خدمات فراہم کرنے والی افرادی قوت کی بڑھتی ہوئی تعداد، عالمی منڈی میں ملک کا مقام بہتر بنانے کے اہم مواقع ہیں۔ نوجوانوں کو ان مواقع سے فائدہ اٹھانے اور 2047ء تک پاکستان کے مستقبل کی تشکیل میں فعال کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے۔ مسعود خان نے قیادت کے اصول بیان کرتے ہوئے رسول اکرم ﷺ کی حیات مبارکہ کو خدمت، عاجزی، حکمت عملی اور اخلاقی حکمرانی کا لازوال نمونہ قرار دیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے آئی سی ایم اے کے صدر اور ریسرچ اینڈ پبلیکیشن کمیٹی کے چیئرمین محمد یاسین نے کہا کہ ادارہ اہم قومی معاملات پر فکری مباحث، پالیسی سے متعلق تحقیق اور قابل عمل تجاویز کے فروغ کے لیے کوشاں ہے۔ ادارے کے اعزازی خزانچی غلام مصطفیٰ قاضی نے آئی سی ایم اے کی 75 سالہ پیشہ ورانہ خدمات اور صنعتی حکمت عملی وعوامی پالیسی میں اس کے کردار کو اجاگر کیا۔ تقریب کے اختتام پر آئی سی ایم اے کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر عامر اعجاز خان نے مہمان مقرر کا شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر ادارے کی سینئر قیادت نے مسعود خان کو سفارت کاری اور عوامی خدمت کے اعتراف میں یادگاری شیلڈ بھی پیش کی۔

بقیہ نمبر 14 ﴿قوم کی آواز﴾

رجسٹریشن فارم اور فیس جمع کرانے کا شیڈول جاری کر دیا ہے۔ بورڈ کے ترجمان زوہیب احمد خان کے مطابق سرکاری اور نجی تعلیمی اداروں کے طلبہ نارمل فیس کے ساتھ اپنے فارم 15 دسمبر 2026ء تک جمع کرا سکتے ہیں۔ ترجمان کے مطابق ڈی کام انٹرمیڈیٹ کے مساوی دو سالہ تعلیمی پروگرام ہے، جو طلبہ کو شعبہ تجارت میں تعلیم حاصل کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ مقررہ تاریخ کے بعد رجسٹریشن فارم جمع کرانے پر مرحلہ وار اضافی فیس وصول کی جائے گی۔ شیڈول کے مطابق 16 سے 28 دسمبر 2026ء تک 500 روپے، 29 دسمبر سے 11 جنوری 2027ء تک 1500 روپے، 12 سے 25 جنوری تک 2 ہزار روپے، 26 جنوری سے 8 فروری تک 2500 روپے اور 9 سے 22 فروری 2027ء تک 3 ہزار روپے اضافی فیس ادا کرنا ہوگی۔ آخری مرحلے میں 23 فروری 2027ء سے پہلے پرچے کی تاریخ سے ایک ہفتہ قبل تک فارم جمع کرانے پر 5 ہزار روپے اضافی فیس وصول کی جائے گی۔ بورڈ کے مطابق ڈی کام کے سرکاری اداروں کے طلبہ کی نارمل رجسٹریشن فیس 2400 روپے اور نجی اداروں کے طلبہ کے لیے 3400 روپے مقرر کی گئی ہے۔ ڈپلومہ ان بزنس ایڈمنسٹریشن کے لیے سرکاری اداروں کے طلبہ کے لیے فیس 4900 روپے جبکہ نجی اداروں کے طلبہ کے لیے 10 ہزار روپے ہوگی۔ رجسٹرار عالیہ فاطمہ کی جانب سے جاری سرکلر میں تمام الحاق شدہ سرکاری و نجی اداروں کو ہدایت کی گئی ہے کہ رجسٹریشن فارم دستی طور پر جمع کرانے کے بجائے بورڈ کے آن لائن پورٹل پر اپ لوڈ کیے جائیں۔ دستی فارم، پے آرڈرز اور بینک ڈرافٹ قبول نہیں کیے جائیں گے۔ فیس کی ادائیگی بورڈ کے نظام سے حاصل کردہ کمپیوٹرائزڈ چالان یا آن لائن ادائیگی کے ذریعے کی جاسکے گی۔ بورڈ نے مزید واضح کیا ہے کہ 10 جنوری 2027ء تک طلبہ کی عمر 30 سال سے زیادہ نہیں ہونی چاہیے، جبکہ رجسٹریشن کے لیے میٹرک سائنس، جنرل گروپ یا ٹیکنیکل بورڈ کے کامیابی لازمی قرار دی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 15 ﴿قوم کی آواز﴾

حکومت اور کاروباری سطح پر مجموعی طور پر 34 معاہدوں اور مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط کیے گئے، جبکہ کانفرنس میں تقریباً 400 مندوبین نے شرکت کی۔ وزیراعلیٰ ہاؤس میں منگل کو سید مراد علی شاہ کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کے اجلاس میں صوبائی وزراء، مشیران، معاونین خصوصی، چیف سیکریٹری اور دیگر اعلیٰ حکام شریک ہوئے۔ اجلاس میں مختلف محکموں سے متعلق 29 نکات پر غور کیا گیا، جن میں حکومتی اصلاحات، صحت، زراعت، توانائی، رہائشی مکانات کی تعمیر نو اور سرکاری اراضی کا انتظام شامل تھا۔ وزیراعلیٰ نے دورہ چین کی دعوت دینے پر چینی حکومت کا شکریہ ادا کرتے ہوئے مختلف شعبوں میں باہمی تعاون کو مزید مستحکم بنانے کے امکانات سے آگاہ کیا۔ مراد علی شاہ نے بتایا کہ شنگھائی میں منعقدہ سندھ سرمایہ کاری و تجارتی کانفرنس کا بنیادی مقصد چینی سرمایہ کاری کو سندھ لانا، روزگار کے مواقع پیدا کرنا، صنعتوں کو جدید خطوط پر استوار کرنا اور معاہدوں کو عملی منصوبوں میں تبدیل کرنا تھا۔ انہوں نے چینی سرمایہ کاروں کو دھابیجی خصوصی اقتصادی زون، ایجوکیشن سٹی کے خصوصی ٹیکنالوجی زون اور سندھ کے توانائی، معدنیات، زراعت اور صنعتی شعبوں میں سرمایہ کاری کی دعوت دی۔ وزیراعلیٰ نے اعلان کیا کہ ہر معاہدے پر عمل درآمد کے لیے فوکل پرسن مقرر کیا جائے گا اور اعلیٰ سطح پر پیش رفت کا جائزہ لینے کے ساتھ چینی شہریوں، منصوبوں اور سرمایہ کاری کا تحفظ یقینی بنایا جائے گا۔ وزیراعلیٰ سندھ نے 16 اکتوبر کو شنگھائی میں ہواوے کے تحقیق و ترقی مرکز کا دورہ کیا، جہاں پاکستان میں مصنوعی ذہانت پر مبنی پہلے ڈیجیٹل صوبے کے قیام کے لیے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے گئے۔

بقیہ نمبر 16 ﴿قوم کی آواز﴾

جائے تو ایم ایل ون کیلیے وسائل پورے ہوجائیں گے، پاور سیکٹر میں ریلوے سے بھی زیادہ ریکوری ہوسکتی ہے۔ جمہوریت کے دعویدار ممالک کا منی لانڈرنگ کے حوالے سے مشکوک کردار ہے، پاکستان سے منی لانڈرنگ کے ذریعہ پیسہ باہر جانا رک گیا ہے، ستم نہیں بیٹھا، چیلنجز بڑھ گئے ہیں۔ سی ڈی اے کا نظام ٹھیک نہیں، اسے تبدیل کیا جائے۔ سینئر صحافیوں کو بریفنگ دیتے ہوئے چیئرمین نیب لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ نذیر احمد بٹ نے کہا کہ نیب نے مارچ 2023 سے دسمبر 2025 تک کیش اور اثاثوں کی مد میں چھبیس ٹریلین روپے کی ریکوری کی، صرف جنوری 2026 سے ستمبر 2026 تک 171.92 9 ارب روپے کی ریکوری کی، صرف ڈھائی ماہ کی محنت کے بعد ریلوے کے اربوں روپے کی زمینیں ایسٹ کی صورت میں ریکور کرلیں، ایم ایل ون جیسا منصوبہ ان زمینوں کی پراپر آکشن سے بغیر کسی بیرونی قرضے کے بن سکتا ہے، چیئرمین نیب نے کہا کہ ریلوے کے جو اثاثے ہم نے واپس کراتے ہیں، جو زمینیں واپس کرائی ہیں وہ چھ ٹریلین روپے سے زیادہ کی ہیں، اگر ان کو ٹھیک مانیٹر کرکے ان کی آکشن کی جائے تو یہ دس ٹریلین سے زیادہ کی رقم ہوجائے گی، چیئرمین نیب نے کہا کہ پاور سیکٹر پر جو ہم اب کام کررہے ہیں وہ ڈے لائٹ رابری ہے، اگلے اکیلے پہلے حصے میں بہت سی چیزیں اوپن ہوجائیں گی، پہلے ہم پاور سیکٹر کو دیکھ رہے ہیں، پھر وزارت صنعت و پیداوار کے اداروں کو دیکھیں گے، پاور سیکٹر میں ریلوے سے بھی کہیں زیادہ ریکوری کی امید ہے۔ کراچی میں ہاتھ ہائی لینڈ، آئی آئی چندریگر روڈ، آرام باغ، سول لائنز، ریلوے کینٹ اسٹیشن پر اربوں کی ریکوری کی، لاہور میں گلبرگ، پ سکھے وال، رنگ محل سمیت ریلوے کی اربوں روپے مالیت کی زمینیں واگزار کرکے ریلوے کے نام منتقل کی، ہم نے 9 ماہ میں 52 ارب ڈالر کی ریکوری کیش اور اثاثوں کی صورت میں کر کے قومی خزانے کے حوالے کردی ہے، یہ چیزیں کرپشن سے زیادہ فصلت کا نتیجہ تھیں، یہ کام کسی ایک حکومت کا نہیں، 1947 سے چلا آرہا تھا ریلوے کے وزیر، سیکرٹریز، اسٹینڈنگ کمیٹی نے ہمارے ساتھ بھرپور تعاون کیا، نیب راولپنڈی کے ڈی جی وقار احمد چوہان باوقار اور باعزت افسر ہیں جو سپیشل سیکرٹری کے عہدے پر فائز ہیں، نیب میں آرٹیفشل انٹیلی جنس کے تحت جو نظام بنایا گیا وہ وقار احمد چوہان کا ہی کارنامہ ہے، ہم وقار احمد چوہان کی کارکردگی سے بہت خوش ہیں۔

بقیہ نمبر 17 ﴿قوم کی آواز﴾

منتقل کردیا گیا۔ پولیس حکام کے مطابق عدیل نامی قیدی نے اسپتال میں بتایا کہ اس نے دل برداشتہ ہو کر اپنی جان لینے کی کوشش کی تھی۔ اسپتال انتظامیہ کے مطابق نوجوان کی حالت خطرے سے باہر ہے۔ طبی امداد کے بعد قیدی کو جیل پولیس کے حوالے کردیا گیا۔ پولیس کے مطابق عدیل غیر قانونی اسلحہ رکھنے کے الزام میں گرفتار ہو کر جیل آیا تھا۔

بقیہ نمبر 18 ﴿قوم کی آواز﴾

مطابق گلستان جوہر بلاک 11 میں منور چورنگی کے قریب فائرنگ سے 17 سالہ صفیان زخمی ہوگیا، جسے طبی امداد کے لیے جناح اسپتال منتقل کردیا گیا۔ دوسری جانب گلشن اقبال بلاک 4 کی قائد اعظم کالونی میں ایک گھر کے اندر فائرنگ کا پراسرار واقعہ پیش آیا، جس کے نتیجے میں 40 سالہ روبینہ زخمی ہوگئیں۔ چھیپا حکام کے مطابق زخمی خاتون کو بھی طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کردیا گیا۔ دونوں واقعات کی مزید تفصیلات سامنے نہیں آسکیں۔

بقیہ نمبر 19 ﴿قوم کی آواز﴾

جملہ حذف کیے جانے کے بعد 10 روز میں فلم کی سرٹیفکیشن پر دوبارہ غور کیا جائے۔ جسٹس یوسف علی سعید اور جسٹس عدنان اقبال چوہدری پر مشتمل دو رکنی بینچ نے جے جے سیماب گل و دیگر کی درخواست پر فیصلہ سناتے ہوئے قرار دیا کہ اگر سندھ سنسر بورڈ دیگر صوبوں کے سنسر بورڈز سے مختلف فیصلہ کرنا چاہتا تھا تو اسے واضح اور معقول قانونی وجوہات پیش کرنا ضروری تھا، تاہم بورڈ ایسا کرنے میں ناکام رہا۔ عدالت کے مطابق وفاقی اور پنجاب سنسر بورڈز فلم کو پہلے ہی نمائش کے لیے منظور کر چکے تھے، جبکہ سندھ سنسر بورڈ نے اس کی منظوری روک دی تھی۔ عدالت اس سے قبل بھی بورڈ کو قانون کے مطابق ازسرنو فیصلہ کرنے اور فلم سازوں کو اپنا مؤقف پیش کرنے کا موقع دینے کی ہدایت کر چکی تھی۔ عدالت نے حکم دیا کہ فلم سازوں کی جانب سے اعتراض نمبر 7 میں شامل مخصوص جملہ حذف کیے جانے کے بعد سندھ سنسر بورڈ 10 روز کے اندر سرٹیفکیشن کا معاملہ نمٹائے۔ بورڈ فلم کو عوامی نمائش کا سرٹیفکیٹ جاری کرسکتا ہے، تاہم مزید تحفظات کی صورت میں فلم سازوں کو ذاتی سماعت کا موقع دے کر قانون کے مطابق نئی درجہ بندی یا ضروری ہدایات جاری کرنا ہوں گی۔ عدالت نے واضح کیا کہ سندھ سنسر بورڈ اپنے سابقہ اعتراضات سے آگے بڑھ کر فلم پر کوئی نیا اعتراض عائد نہیں کرسکتا۔

بقیہ نمبر 20 ﴿قوم کی آواز﴾

بالکل واضح اور دوٹوک ہے، پاکستان کا پیغام ہماری سیاسی قیادت اور فیلڈ مارشل کے ذریعے پہلے ہی سامنے آچکا ہے۔ سعودی عرب میں مقدس مقامات پر حملوں کے حوالے سے پاکستانی عوام، سیاسی اور عسکری قیادت میں شدید غم وغصہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ تنازعات کے اتار چڑھاؤ کسی بھی سطح پر بڑھانے سے کسی ملک کو کوئی فائدہ نہیں ہوگا، مشرق وسطیٰ کے فوجی تنازع کو مزید پھیلانا کسی کے مفاد میں نہیں، مذاکرات کے ذریعے کسی نتیجے پر پہنچنا ناگزیر ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ مکہ الائنس کی قیادت اور لائحہ عمل واضح ہے کہ اس اتحاد کا کوئی بھی جارحانہ ارادہ نہیں ہے، پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ اپنے عوام سمیت پورے خطے میں امن، استحکام اور خوشحالی پر یقین رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مسلمانوں کو آپس میں لڑنے کی بجائے متحد ہونے کی ضرورت ہے، تنازعات کو کسی بھی سطح پر بڑھانے سے کسی کو فائدہ نہیں ہوگا، یہ اتحاد کسی خاص ملک کے خلاف نہیں بلکہ اس کا بنیادی مقصد خطے میں امن، استحکام اور سلامتی کو فروغ دینا ہے۔ دریں اثنا سعودی عرب کے پاکستان میں تعینات ہونے والے نئے سفیر ڈاکٹر راجح طامی البہی نے جنرل ہیڈ کوارٹرز کا دورہ کیا جہاں انہوں نے چیف آف آرمی اسٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے اہم ملاقات کی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے امور اور خطے کی مجموعی سکیورٹی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں دونوں شخصیات نے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے فریم ورک کے تحت اب تک ہونے والی پیش رفت پر مکمل اطمینان کا اظہار کیا۔ اس موقع پر پاکستان اور سعودی عرب کے مابین دفاعی تعاون، ادارہ جاتی روابط اور سٹرینگ کی کوآرڈینیشن کو مزید مستحکم اور مؤثر بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے سعودی سفیر کو نئی سفارتی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ ان کی تعیناتی کے دوران پاکستان اور مملکت سعودی عرب کے مابین مشترکہ عقیدے، باہمی اعتماد اور سٹریٹجک شراکت داری پر استوار تاریخی برادرانہ تعلقات کو مزید فروغ حاصل ہوگا۔

بقیہ نمبر 21 ﴿قوم کی آواز﴾

مقتولہ کی والدہ نجمہ ملاح کی مدعیت میں رکشہ ڈرائیور سمیت دو افراد کے خلاف قتل کا مقدمہ درج کرلیا، تاہم پولیس نے تاحال ملزمان کی گرفتاری کی تصدیق نہیں کی۔ مقدمے میں رضا حسین چانڈیو اور احمد جمالی کو نامزد کیا گیا ہے۔ مدعیہ کے مطابق مہک 17 اکتوبر کی شب جامشورو کے ایک ہوٹل میں موسیقی کا پروگرام دیکھنے گئی تھی، جس کے لیے رکشہ ڈرائیور کو بلایا گیا تھا۔ ان کے بقول احمد جمالی بھی رکشے میں سوار ہوگیا اور دونوں مہک کو اپنے ساتھ لے گئے۔ مقتولہ کی والدہ کے مطابق اہل خانہ رات بھر مہک کے واپس آنے کا انتظار کرتے رہے، تاہم 18 اکتوبر کی علی الصبح اطلاع ملی کہ وہ ٹریفک حادثے میں جاں بحق ہوگئی ہے۔ نجمہ ملاح نے الزام عائد کیا کہ دونوں نامزد افراد نے باہمی مشاورت سے مہک کو قتل کیا اور واقعے کو حادثے کا رنگ دینے کی کوشش کی۔ مقتولہ اور مقدمے میں نامزد دونوں افراد جامشورو کے سید آباد کالونی کے رہائشی بتائے جاتے ہیں۔ واقعے کے بعد ملزمان کی گرفتاری کی اطلاعات سامنے آئیں، تاہم پولیس کی جانب سے ان کی گرفتاری کی باضابطہ تصدیق نہیں کی گئی۔

بقیہ نمبر 22 ﴿قوم کی آواز﴾

پیدا وار کم ہونے یا خلیوں کی جانب سے انسولین کے خلاف مزاحمت کے باعث گلوکوز کو مؤثر انداز میں استعمال کرنے کا عمل متاثر ہوتا ہے۔ اس بیماری کی پیچیدگیوں میں دل کے امراض، فالج، بینائی متاثر ہونے اور گردوں کے ناکارہ ہونے کا خطرہ شامل ہے۔ طبی ماہرین طویل عرصے سے ذیابیطس کی دو عام اقسام، ٹائپ ون اور ٹائپ ٹو، پر تحقیق کر رہے ہیں، تاہم بعض تحقیقات میں الزائمر کے مرض اور دماغ میں انسولین کے نظام کی خرابی کے درمیان تعلق کی نشاندہی کی گئی ہے۔ بعض ماہرین اس کیفیت کے لیے "ٹائپ تھری ذیابیطس" کی اصطلاح استعمال کرتے ہیں۔ ویک فاریسٹ یونیورسٹی اسکول آف میڈیسن کی پروفیسر اور الزائمر ڈیزیز ریسرچ سینٹر کی ڈائریکٹر ڈاکٹر سوزین کرافٹ کے مطابق یہ اصطلاح اس تصور کی وضاحت کرتی ہے کہ الزائمر کے مرض میں دماغ کے اندر انسولین کے خلاف مزاحمت یا اس کے پیغامات کی ترسیل میں خرابی کا کردار ہوسکتا ہے۔ یہ کیفیت ٹائپ ون ذیابیطس سے مختلف ہے، جس میں مدافعتی نظام لبلبے کے انسولین پیدا کرنے والے خلیوں کو نقصان پہنچاتا ہے، جبکہ ٹائپ ٹو ذیابیطس میں جسم کے خلیے انسولین کے لیے مناسب ردعمل ظاہر نہیں کرتے اور خون میں شکر کی سطح بڑھ جاتی ہے۔ الزائمر کے مرض میں دماغ کے اندر ہونے والی تبدیلیوں اور انسولین کے نظام کے درمیان تعلق پر تحقیق جاری ہے، تاہم ٹائپ تھری ذیابیطس کو الزائمر کی باقاعدہ طبی تشخیص یا ذیابیطس کی الگ تسلیم شدہ قسم قرار نہیں دیا جاتا۔ واضح رہے کہ ٹائپ تھری ذیابیطس کی اصطلاح کو لبلبے کو نقصان پہنچنے کے نتیجے میں ہونے والی ذیابیطس کے لیے بھی استعمال کیا گیا ہے، جسے طبی اصطلاح میں ٹائپ تھری سی ذیابیطس کہا جاتا ہے۔ یہ الزائمر سے منسلک تصور سے مختلف کیفیت ہے

بقیہ نمبر 23 ﴿قوم کی آواز﴾

تنازع پر نذر آتش کیے گئے گھروں کے متاثرین کی مالی امداد کے لیے 6 کروڑ 5 لاکھ روپے جاری کرنے کی کارروائی شروع کردی ہے۔ محکمہ خزانہ سندھ نے 60.5 ملین روپے کی امدادی رقم جاری کرنے کی تجویز سے اتفاق کرلیا ہے، جبکہ محکمہ داخلہ سندھ نے رقم کے اجرا کے لیے ضروری کارروائی کی درخواست کی ہے۔ سرکاری دستاویزات کے مطابق وزیراعلیٰ سندھ نے 4 اکتوبر 2026ء کو اس حوالے سے سمری منظور کی تھی۔ محکمہ خزانہ نے تجویز دی ہے کہ مالی سال 2026-27 کے دوران متعلقہ قوانین اور قواعد کے تحت کمشنر لاڑکانہ ڈویژن کے ذریعے متاثرہ خاندانوں میں امدادی رقم تقسیم کی جائے۔ واضح رہے کہ مئی 2026ء میں تحصیل ٹھل کے گاؤں محمد صدیق لغاری میں پسند کی شادی کے تنازع پر 120 سے زائد گھروں کو آگ لگادی گئی تھی۔ پولیس کے مطابق سدرہ چنا اور محمد حسن بڑرو کی حیدرآباد میں عدالتی شادی کے بعد تقریب کی ویڈیو سماجی رابطوں کی ویب سائٹس پر وائرل ہوئی، جس کے بعد مشتعل افراد نے گاؤں پر حملہ کرکے گھروں کو نذر آتش کردیا۔ واقعے میں متعدد خاندانوں کے گھر، گھریلو سامان اور جمع پونجی جل کر خاکستر ہوگئی تھی، جس کے باعث خواتین اور بچوں سمیت کئی خاندان بے گھر ہوگئے تھے۔ سرکاری خطوط کے مطابق امدادی رقم کی تقسیم قانونی تقاضے پورے کرنے کے بعد کمشنر لاڑکانہ ڈویژن کے ذریعے عمل میں لانے کی تجویز دی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 24 ﴿قوم کی آواز﴾

آئی کے دورے کے موقع پر پیش کی، جہاں ایف پی سی سی آئی اور دیگر چیمبر کی نو منتخب قیادت کو مبارکباد دینے آئے تھے۔ اس موقع پر سردار محمد یوسف نے کہا کہ حکومت حج 2027 کے لیے جامع انتظامات کر رہی ہے اور پاکستانی عازمین حج کو زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے اجلاس کے شرکاء کو بتایا کہ آئندہ تین برسوں کے لیے تقریباً 4 لاکھ 50 ہزار عازمین حج اپنی رجسٹریشن کرا چکے ہیں، جبکہ سالانہ حج کوٹہ ایک لاکھ 80 ہزار ہے۔ ان کے مطابق عازمین کا انتخاب پہلے آیئے، پہلے پایئے کی بنیاد پر کیا جائے گا۔ وفاقی وزیر نے کاروبار میں آسانی پیدا کرنے اور ملکی معاشی ترقی کے فروغ کے لیے آئی سی سی آئی کی قیادت کے کردار کو سراہا۔ انہوں نے کاروباری برادری کے مسائل اجاگر کرنے اور حکومت ومتعلقہ اداروں کے ساتھ تعمیری رابطوں کے ذریعے معاشی ترقی میں کردار ادا کرنے کے لیے چیمبر کی کوششوں کو اہم قرار دیا۔ رکن قومی اسمبلی بابر نواز خان اور بریگیڈیئر (ر) شہزادا اعوان بھی وزیر کے ہمراہ تھے۔ آئی سی سی آئی کے صدر محمد ذکریا اکبر ضیا نے وفاقی وزیر کو چیمبر کے آئندہ اقدامات سے آگاہ کیا، جن کا مقصد اسلام آباد اور گردونواح میں معاشی خوشحالی کو فروغ دینا ہے۔ انہوں نے کاروباری برادری کی معاونت، معاشی ترقی اور فلاحی سرگرمیوں کے لیے چیمبر کے عزم کو اجاگر کیا۔ انہوں نے وزیر کو یہ بھی بتایا کہ آئی سی سی آئی جلد ایک شاندار محفل نعت کا اہتمام کرے گا اور انہیں بطور مہمان خصوصی شرکت کی دعوت دی۔ آئی سی سی آئی کے سینئر نائب صدر محمد اشفاق حسین چٹھہ اور نائب صدر محمد وقاص خان نے وفاقی وزیر کو چیمبر کے کام کے طریقہ کار، اہم سرگرمیوں اور نمایاں کامیابیوں کے بارے میں بریفنگ دی۔ اس موقع پر آئی سی سی آئی کے سابق صدور، ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین اور چیمبر کے ممبران کی بڑی تعداد بھی موجود تھی

بقیہ نمبر 25 ﴿قوم کی آواز﴾

بنا سکتے ہیں، جس کے باعث موبائل فون کی حفاظت مزید اہم ہوگئی ہے۔ ٹیکنالوجی میگزین وائرڈ کے مطابق جاسوسی سافٹ ویئر فون میں داخل ہونے کے بعد پیغامات پڑھنے، کی بورڈ پر لکھی جانے والی معلومات محفوظ کرنے، اسکرین کی تصاویر لینے، اطلاعات کی نگرانی اور بینکنگ ایپلی کیشنز تک رسائی حاصل کرنے کی صلاحیت رکھ سکتا ہے۔ صحافیوں، سماجی کارکنوں، سرکاری عہدیداروں اور کاروباری شخصیات کو خصوصی طور پر نشانہ بنایا جاسکتا ہے، تاہم عام صارفین بھی اس خطرے سے محفوظ نہیں۔ موبائل فون کے نظام اور ایپلی کیشنز کو باقاعدگی سے جدید بنائیں اور خودکار تازہ کاری کی سہولت فعال رکھیں تاکہ حفاظتی خامیوں کو بروقت دور کیا جاسکے۔ نامعلوم افراد کے بھیجے گئے مشکوک روابط نہ کھولیں اور غیر معتبر ذرائع سے ایپلی کیشنز ڈاؤن لوڈ نہ کریں۔ اینڈرائیڈ فون میں گوگل پلے اسٹور اور آئی فون میں ایپل کے سرکاری ایپ اسٹور کو ترجیح دیں۔ ایپلی کیشنز کو دی گئی اجازتوں کا بھی باقاعدگی سے جائزہ لیں۔ سائبر حملوں کے خطرات کم کرنے کے لیے فون میں دستیاب حفاظتی سہولیات استعمال کریں۔ آئی فون کا لاک ڈاؤن موڈ اور اینڈرائیڈ کی جدید حفاظتی خصوصیات بعض خطرات سے بچاؤ میں مدد دے سکتی ہیں۔ اگر فون اچانک گرم ہونے لگے، غیر معمولی طور پر سست ہوجائے یا کیمرا اور مائیکروفون بلاوجہ فعال دکھائی دیں تو اس کی جانچ کروائیں۔ تاہم یہ علامات لازماً جاسوسی سافٹ ویئر کی موجودگی کا ثبوت نہیں۔ فون پر موصول ہونے والی حفاظتی تنبیہات کو بھی نظر انداز نہ کریں۔ اگر فون میں جاسوسی سافٹ ویئر کی موجودگی کا ٹھوس شبہ ہو تو سائبر سیکیورٹی کے ماہر سے مدد لیں۔ فون دوبارہ چلانے سے نقصان دہ سافٹ ویئر کے مکمل خاتمے کی ضمانت نہیں ملتی۔ ممکنہ شواہد اور حساس معلومات محفوظ رکھنے کے لیے فون کا تمام ڈیٹا فوری طور پر حذف کرنے سے بھی گریز کریں۔ ماہرین کے مطابق کوئی ایک حفاظتی تدبیر جاسوسی سافٹ ویئر سے مکمل تحفظ کی ضمانت نہیں دیتی، تاہم فون کو جدید رکھنے، غیر معتبر ایپلی کیشنز سے بچنے اور حفاظتی سہولیات فعال کرنے سے سائبر حملوں کے خطرات کم کیے جاسکتے ہیں۔

بقیہ نمبر 26 ﴿قوم کی آواز﴾

موسمی معمولات متاثر ہورہے ہیں، جس سے سردی دیر سے شروع ہونے اور شدید سرد موسم کا دورانیہ کم ہونے کے امکانات بڑھ گئے ہیں۔ محکمہ موسمیات کے مطابق پاکستان میں سردیوں کا عمومی موسم 15 نومبر سے 15 مارچ تک رہتا ہے، تاہم کراچی میں سردی کا آغاز عموماً دسمبر کے وسط سے ہوتا ہے، جبکہ جنوری کے ابتدائی دس روز سرد ترین دنوں میں شمار ہوتے ہیں۔ محکمہ موسمیات کے مطابق کراچی میں سمندری ہواؤں کی بندش اور مغربی سمت سے ہوائیں چلنے کے باعث گرمی اور حبس کی شدت برقرار ہے۔ شہر میں گرمی مزید 8 سے 9 روز جاری رہنے اور درجہ حرارت 40 ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچنے کا امکان ہے، جبکہ بارش کی فی الحال پیش گوئی نہیں کی گئی۔ دوسری جانب رات کے درجہ حرارت میں کمی کا سلسلہ شروع ہوگیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق لاہور سمیت پنجاب کے میدانی علاقوں میں سردیوں کا باقاعدہ آغاز نومبر میں متوقع ہے۔ اکتوبر کے آخری دنوں اور نومبر کے پہلے ہفتے میں متوقع موسمی نظام کے بعد درجہ حرارت میں نمایاں تبدیلی آسکتی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق گزشتہ 8 سے 10 برس کے دوران موسمی معمولات میں تبدیلی دیکھی گئی ہے، جس میں سردی دیر سے شروع ہونے اور شدید سرد موسم کے دورانیے میں کمی کے رجحانات شامل ہیں۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ شدید سردی کا دورانیہ ماضی کے تقریباً 75 دنوں کے مقابلے میں کم ہو کر 50 دن تک رہ گیا ہے، جبکہ دن اور رات کے درجہ حرارت میں بھی اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ رواں موسم کے لیے جاری تین ماہ کی پیش گوئی کے مطابق ملک میں بارشیں معمول کے قریب اور درجہ حرارت معمول سے قدرے زیادہ رہنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ موسمی نظاموں سے فضائی آلودگی کے پھیلاؤ کے لیے سازگار حالات پیدا ہوسکتے ہیں، تاہم اسموگ کی شدت اور دورانیے کا انحصار آئندہ موسمی صورت حال پر ہوگا۔

بقیہ نمبر 27 ﴿قوم کی آواز﴾

فراہم کرنے کا اختیار تمام منتخب بلدیاتی کونسلوں کو دیا جائے تاکہ دوران ملازمت وفات پانے والے ملازمین کے بچوں اور بیواؤں کو ان کا قانونی حق مل سکے۔ فیڈریشن کے چیئرمین رسول بخش شاہانی، صدر سید ذوالفقار شاہ اور جنرل سیکریٹری محمد اکرم راجپوت نے کہا کہ سپریم کورٹ نے ستمبر 2024 تک انتقال کرجانے والے ملازمین کے بچوں اور بیواؤں کو ملازمتیں فراہم کرنے کا حکم دیا ہے، تاہم محکمہ بلدیات نے کونسلوں کے اختیارات کو نظرانداز کرتے ہوئے متعلقہ کیسز اپنے سیکریٹریٹ میں التوا کا شکار کر رکھے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کیسز کو مزید کارروائی کے لیے ڈی آر سی بھیجنے کے باعث مرحوم بلدیاتی ملازمین کے اہل خانہ میں بے یقینی پائی جاتی ہے۔ اب جبکہ منتخب کونسلیں موجود ہیں، اس لیے انہیں اختیار دیا جائے کہ تمام مطلوبہ دستاویزات مکمل ہونے پر فوتگی کوٹے کے تحت ملازمتیں فراہم کرسکیں۔

بقیہ نمبر 28 ﴿قوم کی آواز﴾

سندھ ہارس اینڈ کیٹل شو کے انعقاد کے موقع پر کھیلوں کے مقابلوں، ثقافتی تقریبات اور موسیقی کے بڑے پروگرام کے لیے تیاریاں شروع کردی گئی ہیں۔ ڈپٹی کمشنر شہزاد احمد ساہی نے اس سلسلے میں سیکریٹری کھیل و امور نوجوانان اور سیکریٹری ثقافت، سیاحت، نوادرات و آرکائیوز سندھ کو خطوط ارسال کردیے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر کے مطابق سندھ ہارس اینڈ کیٹل شو جیکب آباد کی قدیم اور روایتی تقریبات میں شامل ہے، جس میں جیکب آباد اور گردونواح کے اضلاع سے ہزاروں افراد شرکت کرتے ہیں۔ رواں سال میلے کو مزید شاندار بنانے کے لیے کھیلوں اور ثقافتی سرگرمیوں کو وسعت دینے کی تجویز دی گئی ہے۔ محکمہ کھیل سے ملاکھڑا، فٹ بال، والی بال، کرکٹ، بیڈمنٹن، ہاکی، کراٹے، جسم سازی اور دیگر کھیلوں کے مقابلے منعقد کرانے کی درخواست کی گئی ہے، تاکہ مقامی نوجوانوں اور کھلاڑیوں کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے مواقع مل سکیں۔ اسی طرح محکمہ ثقافت کو سندھی اور اردو ڈراموں، مشاعروں، گھڑ کچہریوں، تقریری مقابلوں، ثقافتی پروگراموں، خواتین کے لیے موسیقی کی محفل اور ایک بڑے موسیقی کے پروگرام کے انعقاد کی تجویز دی گئی ہے۔ ان سرگرمیوں کا مقصد شہریوں کو صحت مند تفریح فراہم کرنے کے ساتھ سندھ کی ثقافت، ادب، موسیقی اور روایات کو فروغ دینا ہے۔ خطوط میں دونوں محکموں سے اپنے وسائل کے مطابق پروگراموں کی منصوبہ بندی، مالی معاونت اور انعقاد کے انتظامات کرنے کی درخواست کی گئی ہے، جبکہ ضلعی انتظامیہ نے مکمل تعاون اور ضروری انتظامی سہولتیں فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے۔ ڈپٹی کمشنر شہزاد احمد ساہی کے مطابق جیکب آباد کے نوجوانوں میں بے پناہ صلاحیتیں موجود ہیں، جنہیں مناسب مواقع فراہم کرکے کھیلوں اور ثقافتی سرگرمیوں کی طرف راغب کیا جاسکتا ہے۔ شہریوں، نوجوانوں، کھلاڑیوں اور سماجی حلقوں نے ان کوششوں کا خیر مقدم کرتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ متعلقہ محکمے تجاویز پر مثبت ردعمل دیں گے۔

بقیہ نمبر 29 ﴿قوم کی آواز﴾

سعودی عرب کے ساتھ گہرے برادرانہ تعلقات ہیں۔ عمرے کی ادائیگی کے بعد وطن واپسی پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر جاوید شاہ نے سعودی قیادت کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ سعودی عرب اسلام کی مقدس سرزمین اور امت مسلمہ کا مرکز ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ سعودی عرب کی ترقی، سلامتی اور سربلندی کے لیے دعا گو ہیں اور حرمین شریفین کے تحفظ و احترام کو ہر مسلمان اپنی ذمہ داری سمجھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حرم شریف میں عمرے کی ادائیگی کے دوران بھی ان کے دل سے سعودی عرب کی مزید ترقی اور امت مسلمہ کے لیے شروع کیے گئے منصوبوں کی کامیابی کی دعا نکلی۔ انہوں نے خادم الحرمین الشریفین اور سعودی حکمرانوں کی صحت و سلامتی کے لیے دعا کرتے ہوئے بالخصوص ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کے لیے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ انہیں ایمان کی تازگی عطا فرمائے اور وہ اسلام کی صحیح معنوں میں نمائندگی کرتے رہیں۔ ڈاکٹر جاوید شاہ نے سعودی حکومت سے اپیل کی کہ حج اور عمرے کے لیے آنے والے زائرین کو مسجد الحرام میں موبائل فون سے ویڈیو بنانے کے حوالے سے واضح ہدایات دی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ طواف اور عبادت کے دوران غیر ضروری ویڈیو ریکارڈنگ سے دوسرے عبادت گزاروں کی توجہ متاثر ہوسکتی ہے، اس لیے مسجد الحرام اور ریاض الجنہ میں موبائل فون اور ویڈیو ریکارڈنگ کے استعمال کے لیے مناسب ضابطے وضع کیے جائیں، تاکہ زائرین یکسوئی اور احترام کے ساتھ عبادت کرسکیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ تمام مسلمانوں کو احکامات الٰہی پر عمل کرنے، حرمین شریفین کا احترام کرنے اور امت مسلمہ کی خدمت کی توفیق عطا فرمائے۔

بقیہ نمبر 30 ﴿قوم کی آواز﴾

ڈیجیٹل انوائسنگ، اسمگلنگ کی روک تھام اور مختلف صنعتی شعبوں کو درپیش مسائل پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد میں سینئر نائب صدر فرخ قندھاری، نائب صدر ناصر شیخ، کائیٹ لمیٹڈ کے چیئرمین زاہد سعید، سی ای او سلیم الزماں، کاٹی کے سابق صدور مسعود نقی، طارق ملک، احتشام الدین، راشد احمد صدیقی، پاکستان وناسپتی مینوفیکچررز ایسوسی ایشن (پی وی ایم اے) کے چیئرمین نوید احمد، رشید جان محمد، عفیف راشد، ممبران لینڈر یونیو آپریشنز زبیر بلال، ممبر کسٹمز آپریشنز واجد علی سمیت دیگر نمائندگان بھی شامل تھے۔ چیئرمین ایف بی آر راشد محمود لنگڑیال نے کہا کہ ملکی برآمدات بڑھانے کیلئے ایکسپورٹرز عالمی منڈیوں تک پاکستانی مصنوعات کی رسائی میں اضافہ کریں اور دستیاب وسائل بھرپور انداز میں استعمال کریں۔ ایف بی آر بڑے برآمدکنندگان کے ساتھ جلد ملاقاتیں کرے گا، جن میں ان کے مسائل اور برآمدات کی راہ میں حائل رکاوٹوں کا جائزہ لے کر ضروری اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکس نظام کو ڈیجیٹلائز کرنے اور خودکار طریقہ کار کے ذریعے نان فائلرز کو ٹیکس نیٹ میں لانے کیلئے اقدامات کئے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایف بی آر اور کاروباری برادری کے درمیان رابطوں کو مؤثر بنانے کیلئے واٹس ایپ گروپ تشکیل دیئے جائیں تاکہ صنعتکار اپنے مسائل اور تجاویز متعلقہ حکام تک بروقت پہنچاسکیں۔ چیئرمین ایف بی آر نے اسمگلنگ اور غیر قانونی تجارت کی روک تھام کو مقامی صنعت کے تحفظ اور قانونی کاروبار کے فروغ کیلئے اہم قرار دیا۔

بقیہ نمبر 31 ﴿قوم کی آواز﴾

کے اعداد وشمار کے مطابق ستمبر 2025ء میں ایک لاکھ 68 ہزار 322 میٹرک ٹن چاول برآمد کیے گئے تھے، جبکہ ستمبر 2026ء میں یہ مقدار بڑھ کر 4 لاکھ 20 ہزار 277 میٹرک ٹن ہوگئی۔ اعداد وشمار کے مطابق باسمتی چاول کی برآمدات میں بھی نمایاں اضافہ ہوا۔ ستمبر 2026ء میں ایک لاکھ ایک ہزار 271 میٹرک ٹن باسمتی چاول برآمد کیے گئے، جبکہ گزشتہ سال اسی ماہ یہ مقدار 35 ہزار 109 میٹرک ٹن تھی۔ اسی طرح نان باسمتی اور چاول کی دیگر اقسام کی برآمدات ستمبر 2026ء میں بڑھ کر 3 لاکھ 19 ہزار 5 میٹرک ٹن ہوگئیں، جو ستمبر 2025ء میں ایک لاکھ 33 ہزار 213 میٹرک ٹن تھیں۔ رواں مالی سال 2026-27 کی پہلی سہ ماہی، جولائی تا ستمبر کے دوران پاکستان کی مجموعی چاول برآمدات 10 لاکھ 75 ہزار میٹرک ٹن تک پہنچ گئیں، جبکہ گزشتہ مالی سال کے اسی عرصے میں 7 لاکھ 13 ہزار 794 میٹرک ٹن چاول برآمد کیے گئے تھے۔ برآمدات کے اعداد وشمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں پاکستانی چاول کی بیرون ملک ترسیل میں نمایاں اضافہ ہوا، جس سے عالمی منڈیوں میں پاکستانی چاول کی طلب اور برآمدی سرگرمیوں میں تیزی کی عکاسی ہوتی ہے۔

بقیہ نمبر 32 ﴿قوم کی آواز﴾

شرح نمو بھی 3.18 فیصد سے گھٹ کر 3.11 فیصد رہ گئی۔ عارف حبیب لمیٹڈ کی رپورٹ کے مطابق مالی سال 2026ء کی آخری سہ ماہی میں معاشی ترقی کی رفتار نمایاں طور پر سست ہوئی اور شرح نمو صرف 2 فیصد ریکارڈ کی گئی۔ رپورٹ کے مطابق مالی سال 2026ء کی پہلی سہ ماہی میں معاشی ترقی کی شرح 3.89 فیصد تھی، جو دوسری سہ ماہی میں بڑھ کر 4.31 فیصد اور تیسری سہ ماہی میں 4.42 فیصد تک پہنچ گئی، تاہم چوتھی سہ ماہی میں یہ کم ہو کر 2 فیصد رہ گئی۔ شعبہ وار اعداد وشمار کے مطابق مالی سال 2026ء کے دوران زرعی شعبے نے 3.50 فیصد، صنعتی شعبے نے 3.34 فیصد اور خدمات کے شعبے نے 3.81 فیصد ترقی کی۔ اس طرح خدمات کا شعبہ شرح نمو کے لحاظ سے دیگر دو بڑے شعبوں سے آگے رہا، جبکہ صنعتی شعبے کی کارکردگی نسبتاً کمزور رہی۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان کی معیشت کا مجموعی حجم بڑھ کر 126.4 ٹریلین روپے، یعنی 126.4 ہزار ارب روپے ہوگیا، جس کی ڈالر میں مالیت 450.4 ارب ڈالر ریکارڈ کی گئی ہے۔ اسی طرح ملک میں فی کس آمدن 5 لاکھ 31 ہزار 897 روپے تک پہنچ گئی، جبکہ ڈالر میں یہ آمدن 1,896 ڈالر رہی۔

بقیہ نمبر 33 ﴿قوم کی آواز﴾

تین فائر فائٹرز نوید اللہ، محمد صابر اور محمد انیس کے اعزاز میں الوداعی تقریب منعقد کی گئی، جس میں فائر بریگیڈ کے لیے ان کی طویل اور مخلصانہ خدمات کو سراہا گیا۔ تقریب میں چیف فائر آفیسر، ڈپٹی چیف فائر آفیسر اور ڈپٹی ڈائریکٹر فائر بریگیڈ نے شرکت کی اور ریٹائر ہونے والے اہلکاروں کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔ آل پاکستان فائر اینڈ ریسکیو ورکرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین غلام محمد ناز، تمغ؟ امتیاز، اور جنرل سیکریٹری سید ذوالفقار شاہ نے بھی فائر فائٹرز کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ وہ اپنے ان ہیروز کو سلام پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے ریٹائر ہونے والے اہلکاروں کے لیے آئندہ زندگی میں خوشیوں، صحت اور تندرستی کی دعا بھی کی۔

بقیہ نمبر 34 ﴿قوم کی آواز﴾

بھی ناکام بنادی۔ پولیس ترجمان کے مطابق تھانہ آباد پولیس نے پیر مسافر کے قریب اسنیپ چیکنگ کے دوران توریال خان مینگل کو گرفتار کرکے 6 کلو چرس برآمد کی۔ اسی مقام پر ایک اور کارروائی میں بلوچستان کے علاقے سنہری پنہور کے رہائشی محمد اسلم کو گرفتار کرکے اس کے قبضے سے 640 گرام چرس برآمد کی گئی۔ سی آئی اے پولیس نے اسنیپ چیکنگ کے دوران امیر علی کو گرفتار کرکے 2 کلو چرس برآمد کرلی۔ دوسری جانب تھانہ ایئرپورٹ پولیس نے بلوچستان آٹے کی غیر قانونی ترسیل کی کوشش ناکام بناتے ہوئے آٹا تحویل میں لے کر ضلعی فوڈ کنٹرولر کے حوالے کردیا۔ پولیس نے سودخوری کے مقدمے میں مطلوب ملزم برکت علی شاہ کو بھی گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کرکے مزید کارروائی شروع کردی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 35 ﴿قوم کی آواز﴾

2012 سے کنٹریکٹ اور یومیہ اجرت پر کام کرنے والے 200 سے زائد ملازمین کو عدالتی حکم کے باوجود مستقل نہیں کیا جاسکا، جبکہ انہیں گزشتہ چار ماہ سے تنخواہوں کی ادائیگی بھی نہیں ہوئی۔ سجن یونین کے مرکزی صدر سید ذوالفقار شاہ نے وزیر بلدیات اور سیکریٹری بلدیات سے مطالبہ کیا ہے کہ ملازمین کو مستقل کرنے اور تنخواہوں کی عدم ادائیگی کے معاملے کا فوری نوٹس لیا جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ تنخواہیں نہ ملنے کے باعث متاثرہ ملازمین کے گھروں میں شدید معاشی مشکلات پیدا ہوگئی ہیں، جبکہ ملازمین کی مستقلی سے متعلق توہین عدالت کی درخواست بھی زیر التوا ہے۔ سید ذوالفقار شاہ نے اخباری اطلاعات کے مطابق ڈپٹی ڈائریکٹر تعلیم کو ہٹا کر ایک پرائمری اسکول ٹیچر کو ڈپٹی ڈائریکٹر تعینات کرنے اور بعض ملازمین کو مبینہ طور پر من پسند ترقیاں دینے کے معاملے کی بھی تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ نمبر 36 ﴿قوم کی آواز﴾

بنیادی سہولیات کی فراہمی سے نہ صرف صنعت کاروں کو سہولت ملے گی بلکہ تجارتی سرگرمیوں، روزگار کے مواقع اور ملکی معیشت کو بھی تقویت حاصل ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کورنگی صنعتی زون میں کورنگی انڈسٹریل ٹریڈنگ اسٹیٹ ڈیولپمنٹ اینڈ مینجمنٹ کمپنی (DMGKITE) کے تحت سیکٹر 23 میں ترقیاتی منصوبوں کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں صدر کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (کاٹی) شیخ عمر ریحان، ڈپٹی پیٹرن ان چیف زبیر چھایا، چیئرمین کائیٹ زاہد سعید، چیف ایگزیکٹو آفیسر سلیم الزماں، سینئر نائب صدر فرخ قندھاری، نائب صدر ناصر شیخ، سابق صدور و چیئرمین جنید نقی، جوہر قندھاری، مسعود نقی، سید فرخ مظہر، احتشام الدین، شیخ فضل جلیل، ممبر قومی اسمبلی فاروق اعوان، صنعت کاروں، کاروباری شخصیات اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے مزید کہا کہ سندھ حکومت کی جانب سے کورنگی سمیت کراچی کے تمام انڈسٹریل زونز کو ترقیاتی فنڈز کا اجراء اس بات کی ضمانت ہے کہ سندھ حکومت شفاف طریقہ کار سے انڈسٹریل زونز کے ترقیاتی کاموں سے مطمئن ہے بلکہ فنڈز میں مزید اضافہ کیا گیا۔ میئر کراچی نے کہا کہ ماضی میں کسی حکومت نے اس طرح صنعتکاروں کو خود مختار کرتے ہوئے ترقیاتی فنڈز حوالے نہیں کئے، جو پاکستان پیپلز پارٹی اور چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے پبلک پرائیوٹ پارٹنرشپ ماڈل پر پختہ یقین کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صنعتکار رواں مالی سال میں یہ فنڈز استعمال کریں، حکومت آئندہ بجٹ میں فنڈز میں مزید اضافہ کرے گی۔ مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ انتظامیہ کراچی میں 139 سڑکیں اور شاہراہیں تعمیر کر رہی ہے، جس کیلئے 68 ارب روپے کی خطیر رقم مختص کی ہے، یہ منصوبے 4 ماہ کی مدت میں مکمل کئے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے کاٹی کے دیرینہ مطالبات منظور کیے، جس میں جام صادق پل سرفہرست تھا جسے حکومت نے مکمل طور پر منہدم کرکے 4 لین سے بڑھا کر 8 لین کا نیا پل تعمیر کیا ہے، اسی طرح ایم 9 کے منصوبے آخری مراحل میں ہے۔

بقیہ نمبر 37 ﴿قوم کی آواز﴾

اہم سنگ میل کی حیثیت رکھتی ہے، جب ادارہ تعلیمی معیار کو بہتر بنانے، امتحانی طریقہ کار کو مضبوط بنانے اور پاکستان بھر کے طلبہ کے لیے اعلیٰ تعلیم کے مزید مواقع فراہم کرنے کے 25 سال مکمل کرے گا۔ 2026 میں 26 ہزار سے زائد طلبہ نے اے کے یو۔ ای بی کے امتحانات میں شرکت کی۔ ان میں سے بورڈ نے قومی اور علاقائی سطح پر نمایاں کارکردگی دکھانے والے 124 طلبہ کو اعزازات سے نوازا، جن میں دو قومی پوزیشن ہولڈرز بھی شامل ہیں۔ ان میں سے ایک نے سیکنڈری اسکول سرٹیفکیٹ (SSC) جبکہ دوسرے نے ہائر سیکنڈری اسکول سرٹیفکیٹ (HSSC) کی سطح پر قومی پوزیشن حاصل کی۔ اس کے علاوہ پاکستان بھر میں مختلف مضامین میں غیر معمولی کارکردگی دکھانے والے 450 سے زائد طلبہ کو بھی اعزازات سے نوازا گیا۔ تقریب میں اے کے یو۔ ای بی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر نوید یوسف نے مہمان خصوصی پروفیسر ڈاکٹر ہما بقائی، ریکٹر ملینیم انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی اینڈ انٹرپرینورشپ (MiTE)، اور مہمان اعزاز ڈاکٹر غلام علی ملاح، چیف ایگزیکٹو آفیسر انٹر بورڈ کوآرڈینیشن کمیشن (IBCC) کا خیر مقدم کیا۔ اس موقع پر عطیہ دہندگان، ماہرین تعلیم، والدین اور طلبہ بھی موجود تھے۔ پروفیسر ڈاکٹر ہما بقائی نے نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا: ''یہ طلبہ صرف اپنی تعلیمی کامیابیوں ہی نہیں بلکہ ان صلاحیتوں کے لیے بھی قابل تحسین ہیں جو انہوں نے اسکول سے باہر کامیابی حاصل کرنے کے لیے پیدا کی ہیں۔ مجھے یقین ہے کہ یہ نوجوان اپنی زندگی کے اگلے مرحلے میں قدم رکھنے اور مستقبل میں آنے والے مواقع اور چیلنجز کا سامنا کرنے کے لیے پوری طرح تیار ہیں۔''

بقیہ نمبر 38 ﴿قوم کی آواز﴾

بین الاقوامی سطح پر پاکستان کا نام روشن کیا۔ گروپ کی جانب سے مختلف منصوبوں میں جدید ٹیکنالوجی، معیاری مصنوعات اور صارفین کو بہتر سہولیات فراہم کرنے پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے۔ کمپنی نے توانائی کے شعبے میں اپنی خدمات کو مزید بہتر بنانے اور عالمی معیار کے مطابق کاروباری سرگرمیوں کو فروغ دینے کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ سینرجی گروپ کے نمائندوں نے ایوارڈز کے حصول کو پوری ٹیم کی محنت، لگن اور مسلسل جدوجہد کا نتیجہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ کامیابی ادارے کے لیے باعث فخر ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ یہ کمپنی مستقبل میں بھی معیار، جدت اور صارفین کے اعتماد کو برقرار رکھتے ہوئے اپنی کامیابیوں کا سفر جاری رکھے گی۔ کمپنی کے مطابق بین الاقوامی سطح پر حاصل ہونے والی یہ پذیرائی پاکستان کی صنعتی ترقی اور کاروباری صلاحیتوں کے فروغ میں اہم کردار ادا کرے گی۔

بقیہ نمبر 39 ﴿قوم کی آواز﴾

سیاسی وسماجی اجتماع اور تقریب شمولیت سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر متعدد سیاسی وسماجی شخصیات نے مسلم لیگ (ق) میں شمولیت کا اعلان بھی کیا۔ مسلم لیگ (ق) کراچی ڈویژن کے صدر محمد جمیل حفیظ خان نے کہا کہ اقلیتی برادری کے جائز حقوق اور مفادات کا تحفظ ضروری ہے اور اس مقصد کے لیے عملی اقدامات کیے جانے چاہئیں۔ تقریب کے دوران سینئر میاں عامر حیات نے مسلم لیگ (ق) کے سینئر رہنما محمد صادق شیخ کو پارٹی کے لیے خدمات کے اعتراف میں ایوارڈ پیش کیا۔ اس موقع پر مسلم لیگ (ق) سندھ کے ایڈیشنل جنرل سیکریٹری رانا زبیر قریشی، صوبائی نائب صدر وقار حسین کیانی، ریحانہ رسول، چوہدری کامران وڑائچ، ڈاکٹر چندر، سابق صدر ناتزائی، ونگ کے چیئرمین حسان شاہد، اور ساجد خان دیوانی سمیت سیاسی رہنماؤں، سماجی شخصیات، صحافیوں اور دیگر افراد نے شرکت کی۔ لکھی عام چندری نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بجلی، گیس، صاف پانی اور معیاری تعلیم عوام کے بنیادی مسائل ہیں، جن کے حل کے لیے مؤثر اقدامات کی ضرورت ہے۔ انہوں نے اقلیتی برادری کے حقوق کے تحفظ، امن وامان کے قیام اور عوامی فلاح و بہبود کو فروغ دینے پر بھی زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے ایک فوجی قوت اور دفاعی صلاحیت کے ذریعے اپنی سرحدوں کی حفاظت کے لیے دن رات خدمات انجام دی ہیں تاکہ عوام امن وسکون کے ساتھ زندگی گزار سکیں۔ ان کا کہنا تھا کہ اقلیتی برادری سمیت پوری قوم افواج پاکستان کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے

بقیہ نمبر 40 ﴿قوم کی آواز﴾

کہا کہ جے یو آئی کی مرکزی مجلس شوریٰ کے فیصلوں سے آگاہ کرنا چاہتا ہوں ہماری جماعت سیاسی مکالمے پر یقین رکھتی ہے حکومتی پالیسیوں پر تحفظات ہوں تو الزام تراشیوں کے بجائے سیاسی انداز میں جواب دیا جانا چاہیے ہمیں یا کسی کو شکایات ہیں تو پارلیمنٹ کا ان کیمرہ اجلاس بلا کر بات کرلی جائے۔ انہوں نے کہا کہ کے پی میں گورنر راج کو مسترد کرتے ہیں، گورنر راج کے لیے حکومتی بیانیہ بے بنیاد ہے کئی آپریشنز ہوئے مگر نتائج کیا ملے؟ مسلم لیگ (ن) کی حکومت نے فاٹا کو صوبے میں شامل کیا، آج وہی مسلم لیگ (ن) سابق فاٹا کو مرکز میں دے چکی ہے ہماری نظر میں یہ سب صوبے کی معدنیات پر کنٹرول کے لیے ہے، حکومت پارلیمنٹ کا ان کیمرہ اجلاس بلائے، گورنر راج بلا جواز ہے کونسلز کی تشکیل میں جے یو آئی کا کوئی رکن شامل نہیں ہوگا، اقتدار ہٹانا بنانا طاقت کے بجائے آئین کے مطابق ہونا چاہیے، ذوالفقار علی بھٹو اور آصف علی زرداری نے گورنر راج لگائے کیا اس وقت اس کو مانا گیا؟ صدر نے اطمینان کے بغیر دستخط کرکے آئینی تقاضے کی نفی کی۔ ان کا کہنا تھا کہ کوئی ایک طاقت قوم کے مفاد کی ترجمانی نہیں کرسکتی، آج ایشیا دوبارہ عالمی سطح کا معاشی حب بنتا جا رہا ہے، ہمیں مستقبل کے تقاضوں کو سامنے رکھتے ہوئے لائحہ عمل بنانا چاہیے، اسلامی دنیا کا ایک بلاک ہونا چاہیے، اسلامی کانفرنس ایک غیر موثر بلاک ہے ایک موثر بلاک ہونا چاہیے، سعودیہ عرب پر حوثیوں کے حملے مسلم اتحاد کو روکنے کی کوشش ہیں۔ مولانا نے کہا کہ دہشت گردی کے باعث ہم نے بھی ڈیڑھ سو سے زائد لاشیں اٹھائیں، ہم نے بندوق کی سیاست کی نفی کی، پرویز مشرف نے نیا نظام دیا اور وہ نظام ناکام ہوا، پولیس کو انتظامیہ سے لاتعلق کیا اور پھر اس کو واپس لینے کی باتیں ہوئیں، آج پھر 25 سال بعد اسی نظام کو بحال کرنے کی باتیں کی جارہی ہیں۔ انہوں نےکہا کہ فاٹا کے انضمام پر ہم نے کہا اس پر وسیع مشاورت ہونی چاہیے مگر فیصلہ پورے کا پورا فاٹا کے لوگوں پر تھوپ دیا گیا، ایمرجنسی بھی انہی اضلاع میں لگائی گئی جہاں پہلے فاٹا کے عمائدین کو بلا کر انضمام کے بارے میں پوچھا گیا ہے ان ملاقاتوں میں اتفاق کیا گیا ہے کہ یہ عمل ناکام ہوا ہے، نواز شریف، شہباز شریف اور آصف زرداری کے ساتھ پہلے بھی احترام کا رشتہ تھا اور آج بھی ہے، کولن پاول نے کہا تھا فاٹا میں فوج بھیجنے کی تجویز ہماری تھی ہمیں سرمایہ کاری سے اختلاف نہیں لیکن صرف امریکا دلچسپی کیوں لے رہا ہے؟ قوم کیلئے یہ چیزیں رکھی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ فاٹا جرگہ بلا رہے ہیں اسلام آباد میں طلباء کنونشن بلائیں گے ہم 26 نومبر کو سرگودھا عوامی اجتماع کریں گے، شوریٰ نے کہا ہے کہ نئے الیکشن کروائے جائیں ہم 2018 اور 2024ء کے الیکشن نتائج کو تسلیم نہیں کرتے، ہم کسی سے بھی حب الوطنی کا سرٹیفکیٹ نہیں مانگ رہے، ہم نے پارلیمنٹ میں حلف اٹھایا ہے اور اس کا پاس رکھتے ہیں۔

بقیہ نمبر 41 ﴿قوم کی آواز﴾

آواز اور منفرد انداز گائیکی سے حاضرین کو محظوظ کیا، جنہوں نے بھرپور داد دے کر ان کی حوصلہ افزائی کی۔ ایمن زارا نے اپنی پرفارمنس کے دوران پاکستان کے نامور گلوکاروں کے مقبول گیت پیش کیے، جن میں حدیقہ کیانی، نازیہ حسن، سجاد علی اور ملکہ ترنم نور جہاں کے معروف گیت شامل تھے۔ نوجوان گلوکارہ نے ان گیتوں کو اپنے منفرد انداز میں پیش کرکے محفل کو یادگار بنادیا۔ انہوں نے ہمہ جہت موسیقار اور فنکار زلفی کو بھی گیت کے ذریعے خراج تحسین پیش کیا، جبکہ پنجابی گیت ''سانو نہر والے پل تے بلا کے'' پر ان کی پرفارمنس کو شرکاء نے بے حد سراہا۔ ایمن زارا معروف پاکستانی موسیقار خرم جمشید کی صاحبزادی ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وہ گزشتہ تقریباً دو برس سے گیتوں پر پرفارم کررہی ہیں، تاہم آرٹس کونسل کراچی میں ہونے والا یہ شو ان کی پہلی انفرادی پرفارمنس تھی۔ انہوں نے کہا کہ پہلی ہی سولو پرفارمنس پر ملنے والی پذیرائی نے انہیں بے حد خوشی دی ہے۔ نوجوان گلوکارہ کے مطابق موسیقی سے ان کا تعلق بچپن ہی سے ہے۔ انہوں نے ہوش سنبھالتے ہی گھر میں ساز و آواز کی فضا دیکھی، جس نے رفتہ رفتہ موسیقی سے محبت کو جنون میں بدل دیا۔

بقیہ نمبر 42 ﴿قوم کی آواز﴾

اظہار کرتے ہوئے پی ٹی آئی کنٹونمنٹ کورنگی کریک سی بی کے صدر دانش عباسی کے گھر ڈکیتی کی مذمت کی ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ملزمان کو فوری گرفتار کرکے لوٹا گیا قیمتی سامان برآمد کیا جائے۔ راجا اظہر نے کہا کہ گھروں میں ڈکیتیوں اور سڑکوں پر جرائم کی بڑھتی ہوئی وارداتیں شہریوں کے جان و مال کے تحفظ پر سنگین سوالات اٹھا رہی ہیں۔ دانش عباسی کے گھر ڈکیتی کا واقعہ تشویشناک ہے، جبکہ علاقے میں وارداتوں میں اضافے کے باوجود مؤثر پولیس کارروائی نہ ہونے کی شکایات بھی سامنے آرہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کراچی کے شہریوں کو چوروں اور ڈاکوؤں کے رحم وکرم پر نہیں چھوڑا جاسکتا۔ پولیس کی بنیادی ذمہ داری شہریوں کے جان ومال کا تحفظ اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی کرنا ہے، تاہم شہریوں کو گھروں اور سڑکوں پر بھی عدم تحفظ کا سامنا ہے۔ راجا اظہر کے مطابق جنوری سے ستمبر 2026ء تک کراچی میں مختلف نوعیت کے 44 ہزار 402 جرائم رپورٹ ہوئے، جو شہریوں کے تحفظ کے لیے مؤثر اقدامات کی ضرورت اجاگر کرتے ہیں۔ پولیس کو جرائم کی روک تھام، ملزمان کی گرفتاری اور چھینا گیا سامان برآمد کرنے کے لیے اپنی کارکردگی بہتر بنانا ہوگی۔ پی ٹی آئی سندھ کے سینئر نائب صدر نے کہا کہ پولیس سیاسی کارکنوں کی گرفتاریوں کے بجائے چوروں، ڈاکوؤں اور اسٹریٹ کرمنلز کے خلاف کارروائی کرے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ دانش عباسی کے گھر ڈکیتی کی شفاف تحقیقات، ملزمان کی فوری گرفتاری اور علاقے میں پولیس گشت بڑھا کر شہریوں کا تحفظ یقینی بنایا جائے۔ راجا اظہر نے کہا کہ کراچی کے شہریوں کو محض یقین دہانیوں کے بجائے عملی اقدامات اور جرائم میں کمی کی صورت میں ریلیف ملنا چاہیے۔

بقیہ نمبر 43 ﴿قوم کی آواز﴾

ڈاکٹر ارشد وہرہ کے ہمراہ رکن سندھ اسمبلی عامر صدیقی بھی موجود تھے۔ اس موقع پر ضلع جنوبی کی یونین کونسل 2 اور 4 کے شہریوں نے پلے کارڈز اٹھا کر شرکت کی۔ ڈاکٹر ارشد وہرہ نے کہا کہ قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 240 میں وفاقی فنڈز سے ایم کیو ایم نے متعدد ترقیاتی کام کرائے ہیں۔ ان کے مطابق 29 ترقیاتی اسکیموں میں سے 26 مکمل ہوچکی ہیں۔ رام سوامی، پاکستان کوارٹرز، ادے رام روڈ، چالیس نمبر کمپاؤنڈ اور کریچن کمپاؤنڈ سمیت مختلف علاقوں میں 7 لاکھ 33 ہزار 100 مربع فٹ پیور بلاکس لگائے گئے، جبکہ مجموعی طور پر 20 لاکھ 38 ہزار 885 مربع فٹ پیور بلاک کا کام کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کوارٹرز میں پانی کی لائنیں بچھانے کے ساتھ سیوریج اور لفٹ پیور کے کام بھی کرائے گئے۔ مختلف گلیوں میں پیور بلاکس لگائے گئے، پانی کی لائنوں کی مرمت، سیوریج اور سڑکوں کی استرکاری کی گئی۔ ان کے بقول ہر ترقیاتی کام کی الگ فائل تیار کی گئی اور انہوں نے ذاتی طور پر کاموں کی نگرانی کی۔ ایم کیو ایم رہنما نے کہا کہ کراچی بدحالی کا شکار ہے اور ترقیاتی کاموں کے لیے عدم تعاون اور اجازت ناموں کے حصول میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ ان کا الزام تھا کہ ایم کیو ایم جو کام مکمل کرچکی ہے، سندھ حکومت اب انہی کاموں کو مستقبل میں کرنے کے منصوبوں کے طور پر پیش کررہی ہے، جبکہ خود نہ کام کرتی ہے اور نہ دوسروں کو کرنے دیتی ہے۔ ڈاکٹر ارشد وہرہ نے کہا کہ ایم کیو ایم نے گزشتہ دو وفاقی بجٹوں میں کے فور منصوبے کے لیے فنڈز مختص کرائے، جبکہ وزیراعظم نے مزید فنڈز فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے۔ ان کے مطابق کے فور منصوبے کے ذریعے کراچی کو 265 ملین گیلن پانی فراہم کیا جائے گا، تاہم پانی کی تقسیم کے لیے ضروری انتظامات موجود نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم کو کے فور منصوبے کا کام دیا جائے تو اسے بہتر انداز میں مکمل کیا جاسکتا ہے۔ یونیورسٹی روڈ کی 21 کلومیٹر طویل سڑک کی صورتحال بھی سب کے سامنے ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی اختلافات مستقل نہیں ہوتے اور وقت کے ساتھ سب مل کر بیٹھ سکتے ہیں۔ ایم کیو ایم کے اندر بھی باہمی افہام و تفہیم کے ذریعے مسائل حل کیے جاتے ہیں۔

بقیہ نمبر 44 ﴿قوم کی آواز﴾

تحفظ، زمین کی حدود کے جائزے اور متعلقہ امور کے حل کے لیے جامع فیلڈ انسپکشن کیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل (رئیل اسٹیٹ ڈویژن) اور ڈائریکٹر جنرلز (سول ورکس) و (پلاننگ) بھی ان کے ہمراہ تھے۔ معائنے کے دوران بوٹ بلڈنگ یارڈ، فش ہاربر، ویسٹ وہارف، مچھر کالونی کے مختلف پلاٹس اور یونس آباد سمیت اہم مقامات کا جائزہ لیا گیا، جبکہ وزیر مینشن اور ماری پور روڈ پر واقع پلاٹس بھی زیر غور آئے۔ اس موقع پر اراضی کی حدود، ملکیتی ریکارڈ اور حل طلب امور کا جائزہ لیا گیا۔ چیئرمین کے پی ٹی نے اراضی کے مؤثر انتظام، ادارے کی املاک کے تحفظ، حد بندی سے متعلق مسائل کے حل اور متعلقہ شہری سہولیات و بنیادی ڈھانچے کی بہتری کی اہمیت پر زور دیا۔ اس معائنے کا مقصد کے پی ٹی کے اثاثوں کا تحفظ یقینی بناتے ہوئے اراضی کے انتظام کو مزید مؤثر بنانا ہے۔

بقیہ نمبر 45 ﴿قوم کی آواز﴾

، جبکہ نارتھ ناظم آباد میں ایک ملزم زخمی حالت میں گرفتاری کے بعد اسپتال میں دوران علاج دم توڑ گیا۔ تفصیلات کے مطابق قائد آباد میں ریڈیو پاکستان گراؤنڈ کے قریب مبینہ پولیس مقابلے میں زخمی ہونے والے ملزم کی شناخت 24 سالہ عبید ولد عمل جان کے نام سے ہوئی، جسے چھیپا ایمبولینس کے ذریعے جناح اسپتال منتقل کیا گیا۔ دوسری جانب منگھوپیر پولیس کا محمد خان کالونی میں مبینہ مقابلہ ہوا، جس میں ارسلان نامی ملزم زخمی حالت میں گرفتار ہوا۔ ملزم کے قبضے سے اسلحہ، موبائل فون، نقد رقم اور موٹر سائیکل برآمد کی گئی۔ سچل پولیس نے لیاری ایکسپریس وے کے قریب الآصف کے مقام پر مبینہ مقابلے کے دوران نوید عباسی کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا، جس کے قبضے سے اسلحہ اور دیگر سامان برآمد ہوا۔ نیو کراچی سیکٹر بی 6 میں صبا سنیما کے قریب مبینہ پولیس مقابلے میں 35 سالہ شاہ رخ ولد یار محمد زخمی ہوگیا، جسے عباسی شہید اسپتال منتقل کیا گیا۔ ادھر تیموریہ پولیس نے نارتھ ناظم آباد بلاک این میں مہدی حسن پارک کے قریب مبینہ مقابلے کے بعد ایک ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کیا، جو عباسی شہید اسپتال میں دوران علاج دم توڑ گیا۔ پولیس کے مطابق ملزم کا ساتھی فرار ہوگیا، جبکہ ہلاک ملزم کی شناخت کا عمل جاری ہے۔ ملزم کے قبضے سے پستول، گولیاں، موبائل فون، نقد رقم اور موٹر سائیکل برآمد کی گئی۔

بقیہ نمبر 46 ﴿قوم کی آواز﴾

سوار مسلح ملزمان نے ذہنی معذور نوجوان انس عرف انو سے اسلحے کے زور پر موبائل فون چھین لیا اور فرار ہوگئے، واردات کے بعد ملزمان کے فرار ہونے کی سی سی ٹی وی فوٹیج بھی سامنے آگئی۔ متاثرہ نوجوان انس عرف انو کے مطابق ملزمان نے اسے تشدد کا نشانہ بنایا، سر پر اسلحہ رکھا اور جان سے مارنے کی دھمکی دے کر موبائل فون چھین لیا۔ پولیس کے مطابق واقعے سے متعلق مزید تفصیلات حاصل کی جارہی ہیں، واردات میں ملوث ملزمان کو جلد گرفتار کرلیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 47 ﴿قوم کی آواز﴾

ایڈمرل شاہد احمد S.Bt(M)SI (ریٹائرڈ) نے معزز مہمان کا پرتپاک استقبال کیا۔ ملاقات کے دوران ایڈمرل نعمان بشیر کے دور ملازمت میں کے پی ٹی سے وابستہ خوشگوار یادوں کو تازہ کیا گیا، جبکہ بندرگاہ کے بدلتے ہوئے عملیاتی منظرنامے اور تزویراتی ترقی کے حوالے سے بھی تبادلہ خیال ہوا۔ چیئرمین کے پی ٹی نے معزز مہمان کو کراچی بندرگاہ کی ایک جدید، ٹیکنالوجی سے آراستہ پانچویں نسل کی بندرگاہ میں کامیاب تبدیلی سے آگاہ کیا۔ اس ضمن میں بندرگاہ کے بنیادی ڈھانچے کی ترقی، مال برداری کی استعداد میں اضافے، بحری رابطوں کے فروغ، عملیاتی کارکردگی میں بہتری اور جاری جدید کاری کے اقدامات کو اجاگر کیا گیا۔ ملاقات میں کے پی ٹی کے مستقبل کے توسیعی منصوبوں پر بھی گفتگو ہوئی۔ سابق سربراہ پاک بحریہ نے کے پی ٹی کی کارکردگی اور بطور لینڈ لارڈ پورٹ اس کی کامیاب پیش رفت کو سراہا۔ بعدازاں ایڈمرل نعمان بشیر نے کے پی ٹی کے مختلف دفاتر کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے اپنے سابق ساتھی افسران اور ملازمین سے ملاقات کی اور ماضی کی خوشگوار یادیں تازہ کیں۔

بقیہ نمبر 48 ﴿قوم کی آواز﴾

میں ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ PSCTE کی جانب سے شروع کیے گئے اس اقدام میں سفارتی تعلقات کو بامعنی تجارتی اور سرمایہ کاری کی شراکت داریوں میں تبدیل کرنے کی صلاحیت موجود ہے، جس سے اقتصادی تعاون کو فروغ ملے گا اور دوطرفہ تجارت کے نئے راستے کھلیں گے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ پاکستان میں سرکاری اداروں اور تجارتی تنظیموں کے تعاون سے فیڈریشن کی کوششیں پاکستان اور افریقہ، بالخصوص سدرن افریقن ڈیولپمنٹ کمیونٹی (SADC) کے درمیان تجارت میں نمایاں اضافہ کریں گی۔ رفیق میمن 19 اکتوبر 2026 کو کراچی کے پرل کانٹی نینٹل ہوٹل میں PSCTE کے زیر اہتمام منعقدہ پریس کانفرنس سے خطاب کررہے تھے۔ یہ کانفرنس کے انعقاد سے ایک روز قبل کی بریفنگ تھی، جس کا مقصد میڈیا کو کانفرنس اور اس کے اہداف سے آگاہ کرنا تھا۔ کانفرنس کا بنیادی مقصد پاکستان اور افریقہ کے درمیان تجارت اور سرمایہ کاری کے مواقع کو وسعت دینا ہے PSCTE کے سرپرست اعلیٰ دیوان محمد یوسف فاروقی نے تمام مندوبین اور شرکاء کو پرتپاک خیر مقدم پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ کانفرنس پاکستان اور افریقہ کے تعلقات مضبوط بنانے، دوطرفہ تجارت کو فروغ دینے اور صنعت، ٹیکنالوجی اور پائیدار نقل وحرکت کے شعبوں میں اسٹریٹجک شراکت داریوں کو فروغ دینے کے لیے ایک اہم پلیٹ فارم فراہم کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یوسف دیوان کمپنی پاکستان کی اقتصادی ترقی، جدت طرازی اور عالمی سطح پر تعاون کے فروغ کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ یہ کانفرنس پاکستان اور افریقی ممالک کے درمیان بامعنی تعاون، دیرپا شراکت داری اور مشترکہ خوشحالی کو آگے بڑھانے میں مددگار ثابت ہوگی۔

بقیہ نمبر 49 ﴿قوم کی آواز﴾


چشتی کو 12 جنوری کو اسلام آباد ایئرپورٹ پہنچنے پر معلوم ہوا کہ ان کی موبائل سم بند ہوچکی ہے۔ موبائل کمپنی کے سروس سینٹر سے پتا چلا کہ ان کے نمبر پر ان کی درخواست کے بغیر ڈپلیکیٹ سم جاری کی گئی تھی، جو کراچی کے علاقے ملیر سے حاصل کی گئی تھی۔ رپورٹ کے مطابق ملزم نے ان کے نمبر کے ذریعے آن لائن بینکنگ کی سہولت رجسٹر کرائی، رقم نکلوانے کی حد بڑھائی اور اکاؤنٹ سے 15 لاکھ روپے نکال کر مختلف اکاؤنٹس میں منتقل کردیے۔ ان میں سکینہ بی بی کے نام پر کھولا گیا اکاؤنٹ بھی شامل تھا، جس کے بارے میں بتایا گیا کہ وہ بھی اس فراڈ سے لاعلم تھیں۔ فرحان چشتی کی شکایت پر قومی سائبر کرائم تحقیقاتی ادارے نے تحقیقات شروع کیں۔ تفتیش کے دوران ملیر کے علاقے کھوکھراپار میں اس دکان کے مالک سے پوچھ گچھ کی گئی جہاں سے ڈپلیکیٹ سم جاری ہوئی تھی۔ دکان دار کے مطابق ایک شخص نے دعویٰ کیا تھا کہ اس کی والدہ کمزوری کے باعث گاڑی سے باہر نہیں آسکتیں، اس لیے بائیومیٹرک تصدیق کے لیے آلہ گاڑی تک لے جایا جائے۔ تاہم یہ واضح نہیں ہوسکا کہ فرحان چشتی کے فنگر پرنٹس کس طرح حاصل کیے گئے۔ رپورٹ کے مطابق ڈپلیکیٹ سم استعمال کرنے والا شخص نواب شاہ کا رہائشی تھا۔ قومی اسمبلی کے ایک اور رکن شہریار مہر بھی اسی نوعیت کے فراڈ میں 20 لاکھ روپے سے محروم ہوئے، جب کہ کراچی کے تاجر سنی کمار کے اکاؤنٹ سے 85 لاکھ روپے نکال لیے گئے۔ رپورٹ کے مطابق 29 ستمبر 2025 کو ٹھٹھ کے علاقے دھابیجی میں ایک دکان سے سنی کمار کے نام پر ڈپلیکیٹ سم جاری کی گئی تھی۔ تحقیقات کے دوران بینک کے ایک برانچ سروس افسر کے کردار پر بھی شبہ ظاہر کیا گیا، جس نے ڈپلیکیٹ سم جاری ہونے سے پہلے سنی کمار کے اکاؤنٹ کی تفصیلات دیکھی تھیں۔ رپورٹ کے مطابق اس افسر نے تقریباً 30 دیگر اکاؤنٹس تک بھی رسائی حاصل کی تھی۔ فون کالز کے ریکارڈ سے صارفین کا ڈیٹا دوسرے بینک سے حاصل کرنے کی کوشش اور نادرا کے ایک ملازم کو معلومات کے بدلے رقم کی پیشکش کا معاملہ بھی سامنے آیا۔

اے کے یو ای بی کا نمایاں کامیابی حاصل کرنیوالے طلبہ کو اعزازات

124 طلباء کو اعزاز مل گیا، ڈاکٹر نوید یوسف، ڈاکٹر ہما بقائی، ڈاکٹر غلام ملاح کی موجودگی، طلباء کی صلاحیتیں قابل تحسین ہیں

کراچی (بزنس رپورٹر) آغا خان یونیورسٹی ایگزامینیشن بورڈ (EB-AKU) نے 2026 کے نمایاں کامیابی حاصل کرنے والے طلبہ کی تقریب کا انعقاد کیا، جس کا عنوان ''Within Light The'' تھا۔ اس تقریب میں ایسے طلبہ کی تعلیمی کامیابیوں کو سراہا گیا جن کی محنت، صلاحیتیں اور مستقبل کے عزائم اے کے یو۔ ای بی کے 2027 میں سلور جوبلی کی جانب سفر میں ایک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)





سندھ میں گورنر راج کے بجائے نئے صوبے بنائے جائیں، ڈاکٹر ارشد وہرہ

کراچی میں ترقیاتی کاموں کے دعوے کرنے کے بجائے سندھ حکومت عملی اقدامات کرے، ایم کیو ایم رہنما

کراچی (بزنس رپورٹر) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے رہنما ڈاکٹر ارشد وہرہ نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں گورنر راج کی ضرورت تھی، کیونکہ ان کے بقول صوبائی حکومت نے تحریک طالبان پاکستان سے مذاکرات کرکے ان کے لیے سرحدیں کھولیں، تاہم سندھ میں گورنر راج کے بجائے نئے صوبے بنانا بہتر ہوگا۔ کراچی پریس کلب میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

کراچی میں 9 ماہ کے دوران 44 ہزار سے زائد جرائم، راجا اظہر کا اظہارِ تشویش

پولیس سیاسی کارکنوں کے بجائے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی کرے، سینئر نائب صدر پی ٹی آئی سندھ

کراچی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف سندھ کے سینئر نائب صدر راجا اظہر نے کراچی میں ڈکیتی، چوری اور اسٹریٹ کرائم کی بڑھتی ہوئی وارداتوں پر تشویش کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

ایمن زارا کی پہلی سولو پرفارمنس، شائقین موسیقی جھوم اٹھے

آرٹس کونسل کراچی میں نامور گلوکاروں کے مقبول گیت پیش کیے، موسیقار رلفی کو بھی خراجِ تحسین

کراچی (این این آئی) نوجوان گلوکارہ ایمن زارا کی پہلی انفرادی موسیقی کی محفل نے شائقین کے دل جیت لیے۔ آرٹس کونسل کراچی میں منعقدہ شو میں انہوں نے اپنی دلکش (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

سینرجی گروپ نے ملائیشیا میں ڈرگن کنگ آف ایشیا ایوارڈز نام کرلیے

گروپ کی جانب سے مختلف منصوبوں میں جدید ٹیکنالوجی، معیاری مصنوعات اور صارفین کو بہتر سہولیات فراہم کرنے پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے

کراچی (کامرس رپورٹر) پاکستان کی معروف توانائی کمپنی سینرجی گروپ نے ملائیشیا میں منعقدہ ڈرگن کنگ آف ایشیا ایوارڈز 2026 میں متعدد ایوارڈز حاصل کرکے اپنی نمایاں کامیابیوں کا اعزاز برقرار رکھا ہے۔ کمپنی کی اس کامیابی کو پاکستان کی انرجی، انجینئرنگ اور صنعتی شعبوں میں بڑھتی ہوئی پیش رفت کا مظہر قرار دیا جارہا ہے۔ سینرجی گروپ نے اپنی بہترین کارکردگی، جدید ٹیکنالوجی اور پیشہ ورانہ مہارت کے ذریعے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)



اقلیتوں کے حقوق اور مسائل حل کیلئے کردار ادا کرینگے، آصف جمال

مکھی عام چاندنی کی رہائش گاہ پر کانفرنس تقریب میں اہم شخصیات کی مسلم لیگ (ق) میں شمولیت



کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ق) سندھ کے صدر آصف جمال رفیق نے کہا ہے کہ اقلیتی برادری کے حقوق، سرکاری ملازمتوں میں پانچ فیصد کوٹے اور دیگر مسائل کے حل کے لیے بھرپور کردار ادا کریں گے۔ اقلیتوں کو سرکاری ملازمتوں، اسمبلیوں میں نمائندگی اور تعلیم سمیت تمام شعبوں میں مساوی حقوق ملنے چاہئیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مسلم لیگ (ق) کے مرکزی رہنما مکھی عام چندری رہائش پر منعقدہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

چیئرمین کے پی ٹی کا پورٹ اراضی اور املاک کے تحفظ کیلئے فیلڈ انسپیکشن

اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل (ریئل اسٹیٹ ڈویژن) اور ڈائریکٹر جنرلز (سول ورکس) و (پلاننگ) بھی ان کے ہمراہ تھے

کراچی (بزنس رپورٹر) چیئرمین کراچی پورٹ ٹرسٹ (کے پی ٹی)، ریئر ایڈمرل شاہد احمد، SI(M)، S.Bt (ریٹائرڈ) نے ادارے کی قیمتی اراضی اور املاک کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)



کراچی میں مختلف مقامات پر پولیس مقابلے، 4 ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار، ایک ہلاک

کراچی (این این آئی) شہر کے مختلف علاقوں میں مبینہ پولیس مقابلوں کے دوران چار ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار کرلیے گئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

بلدیہ ٹاؤن میں ذہنی معذور نوجوان سے اسلحے کے زور پر موبائل فون چھین لیا گیا

کراچی (این این آئی) بلدیہ ٹاؤن کے علاقے عابد آباد میں موٹر سائیکل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

ریئر ایڈمرل شاہد احمد نے کیا سابق سربراہ ایڈمرل نعمان بشیر کا استقبال

بحریہ کے سابق سربراہ نے کے پی ٹی کے مختلف دفاتر کا دورہ کیا، سابق ساتھی افسران اور ملازمین سے بھی ملاقات کی



کراچی (بزنس رپورٹر) پاک بحریہ کے سابق سربراہ ایڈمرل نعمان بشیر NI(M) (ریٹائرڈ)، جنہوں نے 2008ء سے 2011ء تک چیف آف دی نیول اسٹاف کے فرائض انجام دیے، جبکہ 2002ء سے 2005ء تک کراچی پورٹ ٹرسٹ (کے پی ٹی) میں جنرل منیجر (آپریشنز) بھی تعینات رہے، نے کے پی ٹی ہیڈ آفس کا دورہ کیا۔ اس موقع پر چیئرمین کے پی ٹی، ریئر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

پاک افریقہ اقتصادی کانفرنس سرمایہ کاری کے مواقع کھلیں گے، دیوان یوسف


پاکستان اور افریقی براعظم کے درمیان تجارت اور سرمایہ کاری کے فروغ میں ایک اہم سنگِ میل ثابت ہوگی، رفیق میمن

کراچی (بزنس رپورٹر) پاکستان سدرن افریقن چیمبر ٹریڈ فیڈریشن (PSCTF) کے چیئرمین محمد رفیق میمن نے اس امید کا اظہار کیا ہے کہ پہلی افریقہ ڈپلومیٹک اینڈ اکنامک کانفرنس 2026 پاکستان اور افریقی براعظم کے درمیان تجارت اور سرمایہ کاری کے فروغ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)



جعلی سمز کے ذریعے بینک اکاؤنٹس سے کروڑوں کی چوری، کراچی کا تاجر اور دوارکان قومی اسمبلی متاثر، ڈپلیکیٹ سموں کے اجرا میں مبینہ جعل سازی، بینک ملازمین کے کردار پر بھی سوالات اٹھ گئے، ٹیلی کام کمپنی پر 7 کروڑ 78 لاکھ روپے جرمانہ

کراچی (این این آئی) جعلی سمز جاری کرا کے بینک اکاؤنٹس سے لاکھوں روپے نکلوانے کے منظم فراڈ کا انکشاف ہوا ہے، جس میں دوارکان قومی اسمبلی اور کراچی کا ایک تاجر بھی متاثر ہوئے۔ وارداتوں میں ڈپلیکیٹ سموں کے اجرا کے ساتھ بینک صارفین کی معلومات تک غیر مجاز رسائی اور مبینہ طور پر بعض بینک ملازمین کے کردار پر بھی سوالات اٹھے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق متحدہ قومی موومنٹ کے رکن قومی اسمبلی فرحان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)



کے پی میں گورنر راج وایمرجنسی معدنیات پر کنٹرول کے لیے ہیں، فضل الرحمان

اس وقت طاقتوروں کے کہنے پر طاقت کا استعمال ہورہا ہے، ہمیں یا کسی کو شکایات ہیں تو پارلیمنٹ کا ان کیمرہ اجلاس بلایا جائے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ کے پی میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے لیے حکومتی بیانیہ بے بنیاد ہے، یہ سب صوبے کی معدنیات پر کنٹرول کے لیے ہے۔ پارٹی کی مجلس شوریٰ کے بعد پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ موجودہ صورتحال پر پارلیمنٹ کا ان کیمرہ اجلاس بلا کر صورتحال سے آگاہ کیا جائے، کے پی کے میں جو عبوری کونسل بن رہی ہے جے یو آئی کا کوئی رکن اس میں شامل نہیں ہوگا، اس وقت طاقتور قوتوں کے کہنے پر طاقت کا استعمال ہورہا ہے، صدر مملکت نے آئین کے تقاضے پورے نہیں کیے، ہم نے حکومت میں ہوتے ہوئے اختلاف بھی کیا ہم اپوزیشن میں ہوتے ہوئے اتفاق بھی کرتے ہیں۔ انہوں نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

سوشل اینڈ کمرشل رائونڈاپ

ترتیب: علیم نواب خان — تصاویر: نسیم خان

کارڈیلرز اینڈ امپورٹرز تجاویز دیں، کے سی سی آئی ہر ممکن تعاون فراہم کریگا، طلعت محمود

استعمال شدہ گاڑیوں کی درآمد سے مسابقت بڑھے گی، اجارہ داریاں ختم، آٹو ٹریڈ کو فروغ ملے گا، چیئرمین اے پی سی ڈی آئی اے میاں شعیب

درآمدی استعمال شدہ گاڑیوں سے صارفین کو مناسب قیمت پر اعلیٰ معیار کی گاڑیاں ملیں گی، چیئرمین بزنس مین گروپ زبیر موتی والا کا مکالمہ

سینئر نائب صدر اسلم پکھالی، سابق صدر افتخار وہرا، سابق نائب صدر شاہد اسماعیل، سابق ممبر منیجنگ کمیٹی ثاقب نسیم اور موجودہ ممبر جہانگیر مغل بھی موجود



کراچی (بزنس رپورٹر) آل پاکستان کار ڈیلرز اینڈ امپورٹرز ایسوسی ایشن (اے پی سی ڈی آئی اے) کے چیئرمین میاں شعیب احمد نے چند آٹو موبائل اسمبلرز کو فائدہ پہنچانے والی امتیازی پالیسیوں کے خاتمے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ استعمال شدہ گاڑیوں کی ریگولیٹڈ تجارتی درآمد کی اجازت دینے سے صارفین کو فائدہ ہوگا، کاروبار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے اور مقامی مینوفیکچررز گاڑیوں کے معیار، حفاظتی تقاضوں اور مسابقتی صلاحیت کو بہتر بنانے پر مجبور ہوں گے۔ میاں شعیب احمد نے کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (کے سی سی آئی) کے دورے کے موقع پر کار ڈیلرز کے وفد کی قیادت کرتے ہوئے مقامی اسمبلر زکو حاصل تحفظ کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ مسلسل تحفظ حاصل ہونے کے باوجود گاڑیوں کے معیار، مقامی سطح پر پرزوں کی تیاری (لوکلائزیشن) اور برآمدی کارکردگی میں مطلوبہ بہتری لانے میں ناکام رہا ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ آٹو موبائل مارکیٹ کو مسابقتی اور شفاف بنایا جائے تاکہ مینوفیکچررز پابندیوں پر انحصار کرنے کے بجائے اپنی مصنوعات کے معیار اور پیداواری کارکردگی کو بہتر بناسکیں۔ میاں شعیب احمد نے استعمال شدہ گاڑیوں کی تجارتی درآمد کی جانب پیشرفت کا خیر مقدم کرتے ہوئے اس معاملے پر کے سی سی آئی کی معاونت اور وزیراعظم سمیت متعلقہ سرکاری حکام کے ساتھ اس کی خط و کتابت کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ اگر چہ نوٹیفکیشن پہلے جاری کیا جاچکا تھا تاہم عمل درآمد میں تاخیر کا سامنا رہا مگر اب ایسوسی ایشن باقاعدہ بینکنگ چینلز کے ذریعے اپنے کاروباری نام پر تجارتی بنیادوں پر گاڑیاں درآمد کرنے کی جانب بڑھ رہی ہے جس کے لیے متعلقہ معائنے، معیار اور ضابطہ جاتی تقاضوں کی پابندی کی جائے گی جس سے نہ مارکیٹ میں مسابقت بڑھے گی بلکہ صارفین کو انتخاب کے مزید مواقع میسر آئیں گے۔ انہوں نے پاکستان کو گاڑیوں اور مشینری کی علاقائی تجارت کا مرکز بنانے کے وسیع تر امکانات کو اجاگر کرتے ہوئے انہوں نے مجوزہ پاکستان کار اینڈ مشینری زونز منصوبے کا بھی حوالہ دیا جس کا مقصد استعمال شدہ گاڑیوں اور مشینری کو پاکستان لاکر ان کی تزئین و مرمت اور ویلیو ایڈیشن کے بعد عالمی مارکیٹوں میں دوبارہ برآمد کرنا ہے۔ انہوں نے دبئی کے کامیاب ٹرانزٹ ٹریڈ ماڈل سے موازنہ کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اپنی اسٹریٹجک جغرافیائی حیثیت، ہنرمند افرادی قوت اور نسبتاً کم لیبر لاگت سے فائدہ اٹھا کر کراچی میں اسی طرح کا برآمدات پر مبنی نظام تشکیل دے سکتا ہے۔ اس مجوزہ منصوبے سے مقامی آٹو پارٹس مینوفیکچررز، وینڈرز اور دیگر معاون صنعتوں کے لیے بھی کاروباری مواقع پیدا ہوسکتے ہیں۔ انہوں نے یہ امید ظاہر کی کہ منصوبہ اپنے آخری مراحل کے قریب ہے اور اس کا ہدف تقریباً 400 ملین ڈالر کی بیرونی براہ راست سرمایہ کاری کو راغب کرنا ہے۔ بزنس مین گروپ (بی ایم جی) کے چیئرمین زبیر موتی وال نے بذریعہ زوم اجلاس میں شرکت کرتے ہوئے استعمال شدہ گاڑیوں کی ریگولیٹڈ درآمد کی بھرپور حمایت کی۔ انہوں نے کہا کہ اس اقدام سے پاکستانی صارفین کو مناسب قیمتوں پر معیاری گاڑیاں دستیاب ہوسکیں گی، حکومت کو اضافی ریونیو ملے گا، زرِمبادلہ کی بچت ہوگی اور ملکی آٹو موبائل مارکیٹ میں مسابقت پیدا ہوگی۔ انہوں نے خبردار کیا کہ آٹو موبائل مینوفیکچرنگ لابی بااثر اور وسائل سے مالا مال ہے۔

سید اویس قادر شاہ سے ابوالحکم عدنان صادق کی گورنر ہاؤس کراچی میں خصوصی ملاقات

قائم مقام گورنر سندھ نے قائم مقام قونصل جنرل عراق برائے کراچی کا پرتپاک استقبال کیا، دونوں شخصیات کا خیر سگالی کے جذبات کا اظہار

کراچی میں عراقی قونصل خانے کی بحالی کا خیر مقدم، پاکستان و عراق کے درمیان فضائی سفر میں نمایاں اضافہ بھی خوش آئند ہے

قائم مقام گورنر سندھ کے فوکل پرسن عرفان احمد میمن بھی موجود، دونوں اعتراف سے تحائف کا تبادلہ، روایتی سندھی ٹوپی و اجرک پیش



کراچی (بزنس رپورٹر) عراق کے قائم مقام قونصل جنرل ابوالحکم عدنان صادق نے آج قائم مقام گورنر سندھ سید اویس قادر شاہ سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ اس موقع پر قائم مقام گورنر سندھ کے فوکل پرسن عرفان احمد میمن بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران دونوں شخصیات نے خیر سگالی کے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے پاکستان اور عراق کے دوطرفہ تعلقات، عوامی روابط اور علاقائی صورتحال سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا۔ عراق کے قائم مقام قونصل جنرل نے بتایا کہ حالیہ برسوں میں پاکستان اور عراق کے درمیان فضائی سفر میں نمایاں اضافہ ہوا ہے، جو دونوں ممالک کے درمیان مذہبی، ثقافتی اور عوامی روابط کے فروغ کا عکاس ہے۔ قائم مقام گورنر سندھ سید اویس قادر شاہ نے طویل وقفے کے بعد کراچی میں عراقی قونصل خانے کی سرگرمیوں کی بحالی کا خیر مقدم کیا اور متعلقہ صوبائی محکموں کے ساتھ ملاقاتوں اور روابط کے فروغ کے لیے اپنے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ ملاقات میں علاقائی صورتحال، معاشی چیلنجز اور دونوں ممالک میں بنیادی ڈھانچے کی ترقی سے متعلق امور پر بھی گفتگو ہوئی۔ قائم مقام گورنر سندھ نے کہا کہ مشرقِ وسطیٰ میں عدم استحکام اور تنازعات کے باعث عالمی سطح پر ایندھن کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ پیدا ہوا ہے، جس کے اثرات پاکستان کی معیشت پر بھی مرتب ہوئے ہیں۔ عراق کے قائم مقام قونصل جنرل نے عراق کے پارلیمانی نظام اور بالخصوص بغداد میں صحت اور تعلیم کے شعبوں میں ہونے والی پیش رفت سے بھی آگاہ کیا۔ قائم مقام گورنر سندھ سید اویس قادر شاہ نے مستقبل قریب میں زیارت کے لیے عراق جانے اور وہاں کے مذہبی، ثقافتی اور تاریخی ورثے کا مشاہدہ کرنے کی خواہش کا اظہار کیا۔ عراق کے قائم مقام قونصل جنرل نے قدیم شہر بابل کی تاریخی اہمیت اور عراق کے عظیم تہذیبی ورثے کے تحفظ کی ضرورت پر بھی روشنی ڈالی۔ ملاقات کے اختتام پر قائم مقام گورنر سندھ نے عراقی قائم مقام قونصل جنرل کو سندھ کی تاریخ اور صوبائی اسمبلی سندھ سے متعلق کتب، اسمبلی کی یادگاری شیلڈ، روایتی سندھی ٹوپی اور اجرک پیش کی۔ اس موقع پر عراقی قائم مقام قونصل جنرل نے بھی قائم مقام گورنر سندھ کو عراق کی تاریخ اور ثقافتی ورثے کی عکاسی کرنے والی ایک تصویر پیش کی۔

☆☆☆



